# MAIN
## ***M**ultilingual **A**ssessment **I**nstrument for **N**arratives*

N. Gagarina, D. Klop, S. Kunnari,
K. Tantele, T. Välimaa,
U. Bohnacker & J. Walters

## **Urdu Version**

Translated and adapted by
Saboor Hamdani, Rachel Kan,
Angel Chan & Natalia Gagarina

(based on the revised version in English)

© ZAS Papers in Linguistics 64 (2020)

**How to cite this version**:
Hamdani, S., Kan, R., Chan, A. & Gagarina, N. (2020). The Multilingual Assessment Instrument for Narratives (MAIN): Adding Urdu to MAIN. *ZAS Papers in Linguistics*, 64, 257–261 (see this chapter for more information on the Urdu version).

Gagarina, N., Klop, D., Kunnari, S., Tantele, K., Välimaa, T., Bohnacker, U. & Walters, J. (2019). MAIN: Multilingual Assessment Instrument for Narratives - Revised. Materials for use. *ZAS Papers in Linguistics*, 63. Urdu version. Translated and adapted by Hamdani, S., Kan, R., Chan, A., & Gagarina, N.

# آلۂ تشخیصِ کثیر اللسانی برائے کہانیاں

صبور ہمدانی، ریچل کین، اینجل چین، نٹالیا گاگارینا

آلۂ تشخیص کثیر اللسانی برائے کہانیاں (MAIN)، اُن بچوں کی جو پیدائش یا کم عمری میں ایک یا زیادہ زبانیں سیکھتے ہیں، میں کہانیاں بنانے کی صلاحیت کی تشخیص کے لئے 2012 میں بنایا گیا تھا۔ MAIN خاص طور پر 3 سے 10 سال کے بچوں کے لئے بنایا گیا ہے۔ لیکن حالیہ تحقیق سے یہ پتا چلا ہے کہ اسے بڑے بچوں، نوعمر / بالغ، اور بڑی عمر کے افراد کے لئے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اس کے ڈیزائن کے ذریعے مختلف زبانیں بولنے والے ایک بچے میں کہانی کی سمجھ اور بناوٹ اور کہانیاں بنانے کے مختلف طریقوں: ماڈل کہانیوں (Model stories)، کہانی دہرانے (retelling)، اور کہانی سنانے (telling) کی جانچ کی جاسکتی ہے۔ 2012 کا ورژن 15 مختلف زبانوں اور زبانوں کے امتزاج (کومبینیشنز) کے لئے 3 سے 10 سال کی عمر کے 500 سے زیادہ ایک زبان اور دو زبانیں بولنے والے بچوں کی وسیع پیمانے پر پائلٹنگ کر کے تیار کیا گیا تھا۔

2019 میں اس کا انگریزی ورژن، تقریباً 2500 نقل کر کے اتاری گئی (ٹرانسکرائب) MAIN کی کہانیوں اور 24000 MAIN کے سمجھ کے سوالات کے جوابات جو کہ جرمنی، رشیا، اور سویڈن میں رہنے والے تقریباً 700 ایک یا دو زبانیں بولنے والے بچوں سے 2013 سے 2019 کے دوران حاصل کر کے، ان کی بنیاد پر دہرایا گیا ہے۔ یہ اردو ورژن بھی اسی نئے 2019 کے انگریزی ورژن کے مطابق بنایا گیا ہے۔

MAIN میں چار متوازی (parallel) کہانیاں شامل ہیں، اور ہر کہانی میں چھ تصاویر کا تسلسل (sequence) دھیان سے بنایا گیا ہے جو کہ کہانی کی تنظیم کے ایک کثیر الاطراف ماڈل پر مبنی ہیں۔ کہانیوں میں اِدراکی / علمی آگاہی (cognitive) اور لسانی (linguistic) پیچیدگیوں، میکروسٹرکچر اور مائیکروسٹرکچر میں متوازیت، علاوہ ازیں ثقافتی مناسبت اور مضبوطی کو کنٹرول کیا گیا ہے۔

اگرچہ ابھی تک MAIN کے نارمز (norms) نہیں بنائے گئے، لیکن اِس کے سٹینڈرڈائیزڈ طریقوں کو جانچ، علاج، اور ریسرچ کے مقاصد کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ MAIN کے استعمال کے حوالے سے مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے برائے مہربانی باب (جو کہ انگریزی میں لکھا گیا ہے *"Background on MAIN- Revised, how to use it and adapt it to other languages"*) کو (*ZAS Papers in Linguistics 63* (2019, pp.iv-xii) میں دیکھیں۔ اس تک https://zaspil.leibniz-zas.de/issue/view/53 سے رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔

اِس دستاویز میں شامل ہیں:

- تشخیص کی ہدایات
- پروٹوکول، بلا، کتا، پرندے کے بچے، بکری کے بچے کے لئے سکورنگ شیٹس
- پس منظر سے متعلق سوالات (Background questions)
- کہانیوں کے سکرپٹ

## تشخیص کے لئے ہدایات

MAIN خاص طور پر 3 سے 10 سال کے بچوں کے لئے ہے، لیکن اسے بڑے بچوں، نو عمر / بالغ، اور بڑی عمر کے افراد کے لئے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ MAIN کہانیوں کی سمجھ اور بناوٹ دونوں کو جانچتا ہے۔ اِس میں کہانی بنوانے کے مختلف طریقے استعمال کئے جاسکتے ہیں: ماڈل کہانی، کہانی دہرانا، کہانی سنانا ۔ کہانی بنوانے کے مختلف طریقوں کے انتخاب (مثلاً ماڈل کہانی، کہانی دہرانا اور کہانی سنانا) کا انحصار مقاصد اور ضرورتِ تشخیص پر ہوتا ہے۔ (ممتحن / ایگزامنرز کو قوتِ فیصلہ حاصل ہے۔)

MAIN کے ڈیزائن کے ذریعے ایک بچے کی مختلف زبانوں کی جانچ کی جاسکتی ہے۔ کوئی بھی زبان پہلے جانچی جاسکتی ہے۔ دو زبانیں بولنے والے بچوں کے لئے، دونوں زبانوں کو جانچنے کا درمیانی وقفہ بہتر ہے کہ 4 سے 7 دن ہو۔ یہ اس لئے ہے تا کہ دونوں زبانوں کے ایک دوسرے پر اثر، مزید بر آں ٹریننگ اور کیری-اوور کے اثرات کو کم کیا جاسکے۔ ایک زبان کے سیاق وسباق / کانٹیکسٹ کو فروغ دینے اور کوڈ سوِچنگ کو ختم کرنے کے لئے بہتر یہ ہے کہ بچے کی جانچ دونوں زبانوں میں ایک ہی شخص نہ کرے۔

### سامان ( Materials)

- 4 تصاویر والے تسلسل(sequences): پرندے کے بچے، بکری کے بچے، *بلا اور کتا* (ہر کہانی کی 3 کاپیاں (رنگین پرنٹ)، ہر کاپی مختلف لفافے میں: کُل بارہ لفافے)
- کہانیوں کے 4 سکرپٹ / ترغیباتی تحریریں: پرندے کے بچے، بکری کے بچے، *بلا اور کتا*
- ریکارڈنگ کا سامان (آڈیو یا ویڈیو)
- تجزیہ میکرو سٹرکچر، الفاظ برائے اندرونی کیفیات( Internal state term)، اور سمجھ کے حوالے سے سوالات کے لئے سکورنگ پروٹوکول
- پس منظر کے متعلق سوالات (والدین کے لئے سوالنامہ)

### ہدایات( Instructions)

**سامان کیسے تیار کر سکتے ہیں:**

1- تصاویر یہاں سے ڈاؤن لوڈ کریں۔ www.leibniz-zas.de/en/service-transfer/main


2- ہر PDF فائل (ہر کہانی / تصاویر کا تسلسل) کو تین دفعہ اچھے معیار کے سفید A4 پیپر پر رنگین پرنٹ کریں۔ ہر تصویر کا ناپ 9x9 cm ہو۔

3۔ تصاویر کے پیچھے نمبر لگائیں (1-6)۔

4- تصاویر کی دو قطاریں کاٹیں۔

5- جیسے نیچے دکھایا گیا ہے، ویسے تصاویر کو 6 تصویری سٹرپ پر چسپاں کریں اور دو دفعہ موڑیں (تصویر 1، تصویر 2، موڑیں، تصویر 3، تصویر 4، موڑیں، تصویر 5، تصویر 6)۔

نوٹ: موڑنے کی ہدایات میں دی گئی چھوٹی تصاویر کو استعمال نہ کریں۔



6- ہر تصویر کے تسلسل / سٹرپ (6 تصاویر) کو مختلف لفافوں میں ڈالیں۔ شناخت کے لئے سب پر مختلف رنگ یا کوئی اور امتیازی نشان (مثلاً نقطے) لگا لیں۔

## تشخیص کیسے کریں

- دھیان رکھیں کہ آپ نے خود کو تفصیلاً کہانی کے پروٹوکول اور ہدایات سے شناسا کر لیا ہے۔

- سیشن کی ریکارڈنگ کے لئے آڈیو / ویڈیو سامان تیار رکھیں۔ وارمنگ-اَپ / جان پہچان کے مرحلے سے پہلے ریکارڈنگ شروع کر دیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ مکمل سیشن، بمع بچے کے سمجھ کے سوالات کے جوابات تک ریکارڈ کریں۔

- وارمنگ-اَپ کا مرحلہ آپ کے گزشتہ تجربات اور ثقافتی ماحول پر مبنی ہونا چاہیے۔ بچے سے بات کرتے وقت ہم آہنگی پیدا کر لیں اور کچھ سوالات پوچھیں اور یہ یقینی بنائیں کہ بچہ عام سوالات (مثلاً کیا، کون، کیسے) کو سمجھنے کے قابل ہے۔ مثال کے طور پر پوچھیں: آپ کا بہترین دوست کون ہے؟ آپ کو ٹی-وی پر کیا دیکھنا پسند ہے؟ کیا آپ کو کہانیاں سنانا پسند ہے؟ کیا آپ کو کہانیاں سننا اچھا لگتا ہے؟

- یقینی بنائیں کہ ایک جیسی تصاویر والے 3 لفافے تشخیص شروع کرنے سے پہلے میز پر موجود ہوں۔ (اِس کا مقصد یہ ہے کہ بچہ یہ سوچے کہ ایگزامنر کو اس لفافے میں چنی گئی کہانی کے بارے میں علم نہیں ہے، یوں مشترکہ علم / شیئرڈ نالج کے اثر کو تصاویر کے تسلسل کو پیش کرنے کے دوران کنٹرول کیا جا سکتا ہے۔)

- تشخیص کہانی کے پروٹوکول (پروٹوکولز) میں دی گئی ہدایات کے مطابق کریں۔ برائے مہربانی تجویز کردہ پرامٹس ( prompts ) کا ہی استعمال کریں (پرامٹس کے لئے نیچے دیکھیں)۔

- تصاویر کو پیش کرنے کے لئے اضافی معلومات: تشخیص کے دوران بچے کی مخالف سمت میں بیٹھیں، تاکہ بچہ تصاویر کو آپ سے دور اپنے سامنے پکڑ سکے۔ جب بچہ تصاویر باہر نکالے تو اُسے بتائیں کہ تصاویر کو کھولے اور پوری کہانی کو پہلی تصویر سے دیکھے، کہیں: "*تصاویر / تصویروں کو دیکھو / دیکھیں، لیکن مجھے نہیں دکھانا / دکھائیں۔ صرف آپ کو ہی کہانی دیکھنی ہے*"۔ (اگر بچہ خود سے تصاویر کو کھول اور بند نہ کر سکے، تو آپ تصاویر کو اِس طرح پکڑیں کہ بچے کے سامنے اور آپ سے دُور ہوں)۔

- جب بچہ کہانی سنانے کے لئے تیار ہو، تصاویر کو پھر سے تین حصوں میں موڑنے میں اس کی مدد کریں۔ آپ تصاویر موڑنے کی ہدایت، تصاویر دیکھے بغیر جب وہ بچے کے ہاتھ میں ہیں تب بھی دے سکتے ہیں۔ بچے کو ہدایت دیں کہ پہلی 2 تصاویر کو دیکھتے ہوئے کہانی سنانا شروع کرے۔ جب وہ تصاویر 1 اور 2 دیکھ چکے تو اگلی دو تصاویر دیکھنے کے لئے کہیں (تصاویر 1-4 اب کھلی ہوں گی)۔ جب بچہ ختم کر چکے تو اگلی دو تصاویر کو کھولنے کے لئے کہیں، تاکہ اب پوری کہانی کھل جائے۔

- جب بچہ کہانی سنانا / دہرانا ختم کر چکے، تو سمجھ کے سوالات یہ کہتے ہوئے متعارف کروائیں، "*اب میں آپ سے کہانی کے بارے میں کچھ سوالات پوچھوں گی / گا*"۔ جب سمجھ کے سوالات پوچھ رہے ہوں، تصاویر کے تسلسل کو کھلا رکھیں اس طرح کہ بچہ اور تجزیہ کار دونوں اسے میز پر اچھی طرح دیکھ سکیں۔

- جب سیشن ختم ہو جائے، تو کہانی یا کہانیوں کو لکھیں اور بچے کی بناوٹ اور سمجھ کو سکورنگ شیٹ پر سکور دیں۔

- **یاد رکھیں:** سکورنگ شیٹ میں دی گئی آپشنز کی لسٹ بہت جامع نہیں ہے۔ کریڈٹ تب دیا جاتا ہے جب میکرو سٹرکچر کے جزو (مقصد ( goal )، اقدام / کوشش ( attempt )، نتیجہ ( outcome )، الفاظ برائے اندرونی کیفیات ( Internal state terms ) صحیح الفاظ میں بیان کیے جائیں۔ ہدایت کے لئے کتابچہ ( manual ) دیکھیں۔

## پرامٹس:

1۔ بچے کے لئے کہانی شروع نہ کریں، بلکہ اس کی حوصلہ افزائی کریں تاکہ وہ خود سے کہانی سنائے۔ کہیں: "*مجھے کہانی سناؤ/ سنائیں*" (تصویر کی طرف اشارہ کریں)۔

2-10 سیکنڈ انتظار کرنے کے بعد اور جب یہ لگے کہ بچہ خود سے کچھ نہیں بولے گا صرف تب ہی پرامٹس دیں۔ صرف اس صورت میں بچے کو پرامٹ دیں۔ پہلے کہیں، "*ٹھیک ہے۔۔۔، آپ کی باری*"۔ برائے مہربانی پرامٹس استعمال کرتے وقت خاص خیال رکھیں تاکہ ریسرچ گروپس میں تضاد پیدا نہ ہو، جوکہ تجزیہ کار کے اثرات (experimenter effect) ہیں۔ تقریبا 10 سیکنڈ انتظار کریں۔ اگر بچہ پھر بھی خاموش رہے، یہ کہتے ہوئے پرامٹ دیں: "*مجھے بتاؤ/ بتائیں، کیا ہو رہا ہے*"۔ اگر بچہ کہانی کے دوران خاموش ہو جائے تو کہانی جاری رکھنے اور مزید بتانے کے لئے حوصلہ افزائی کریں: "*کچھ اور*؟"، "*جاری رکھو/ رکھیں*" / "*بتاتے رہو/ رہیں*"، "*مجھے اور بتائیں*"، "چلو/ چلیں *دیکھتے ہیں کہ کہانی میں اور کیا ہو رہا ہے*"۔

3۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ بچہ کہانی سنانے کے دوران مرکزی کردار (protagonist) کا حوالہ کس طرح دیتا ہے۔ بچے کی درستی نہ کریں۔ اگر بچہ ایکشن / فعل یا مرکزی کردار کے لئے کوئی لفظ تلاش نہ کر سکے، مثلاً اگر بچہ کہیں پھنس جائے یا مدد مانگے، تو اس کی حوصلہ افزائی کریں اور کہیں: "*آپ اس کو جو چاہے بلاؤ/ بلائیں*"، "*آپ اس کو کیا بلاؤ/ بلائیں گے؟*"

4۔ اس طرح کے سوالات سے گریز کریں:

ا- "*وہ یہاں کیا کر رہا ہے؟*"، "*کون بھاگ رہا ہے؟*"

ب۔ "*یہ کیا ہے؟*"، "*آپ کو تصویر میں کیا/ کون نظر آ رہا ہے؟*" (یہ اس لئے ہے تاکہ بچے کی کہانی میں خلل نہ آئے یا وہ اثر انداز نہ ہو، اور یہ کہ نامکمل جملوں کے استعمال اور واضح اشاروں سے بچا جا سکے)۔

5۔ اگر بچہ اپنے تجربات کی بنیاد پر کہانی سنانا شروع کر دے، مثلاً "*میں نے ایسا پرندہ صبح دیکھا تھا*" یا "*میں سکول کے بعد امی کے ساتھ بازار جاؤں گا۔۔*"، بچے کو کچھ دیر اپنی کہانی سنانے دیں اور پھر نرمی سے کہیں کہ ان تصاویر سے کہانی سناؤ/ سنائیں (کہانی کا غیر متعلقہ حصہ تجزیے (analysis) سے نکال دیں)۔

6۔ اپنے پچھلے تجربات اور ثقافتی ماحول کے مطابق، بچے کی حوصلہ افزائی کے لئے آپ کچھ الفاظ استعمال کرنا چاہیں گے، مثلاً "*بہت اچھے، شاباش*"، "*ٹھیک ہے*"، "*گڈ*"۔ تصاویر کے ہر جوڑے کے بعد (اور نیا جوڑا کھولنے سے پہلے)۔ (یہ لکھنے والے / کوڈ کرنے والے کو بچے کی بات کو خاص تصویر کے جوڑے سے منسوب کرنے میں بھی مدد دے گا)۔ اگر آپ کو لگے کہ یہ بچے کی کہانی میں خلل ڈال رہا ہے تو ایسا نہ کریں۔

### دو کہانیوں کے درمیان نتائج کا کس طرح (نا) موازنہ کیا جائے

-جب کسی دو زبانیں بولنے والے بچے کی جانچ کی جا رہی ہو، بلا اور / یا کتا کہانیوں کو ایک زبان اور پرندے کے بچے اور / یا بکری کے بچے کہانیوں کو دوسری زبان کے لئے استعمال کرنے سے گریز کریں۔

-مزید، بلا اور / یا کتا کہانیوں کو ایک ٹیسٹنگ پوائنٹ پر استعمال کرنے اور ان کے نتائج کا پرندے کے بچے اور بکری کے بچے جو کہ دوسرے ٹیسٹنگ پوائنٹ پر استعمال کی گئی ہوں، کے موازنے سے گریز کریں۔

-کیوں؟ MAIN کی کہانیوں کا ہر طریقے سے موازنہ نہیں کیا جاسکتا۔ جیسا کہ حالیہ کام سے یہ ظاہر ہوا کہ ان کہانیوں میں کچھ فرق ہیں، جس کی وجہ سے چاروں کہانیاں مختلف ہیں، خاص طور پر سمجھ کے سوالات کے حوالے سے۔ پرندے کے بچے اور بکری کے بچے تقریباً متوازی ہیں؛ بلا اور کتا بھی متوازی ہیں، پر پرندے کے بچے اور بکری کے بچے سے کچھ مختلف ہیں، مثلاً کہانی، کرداروں کی تعداد اور کچھ سمجھ کے سوالات۔

اس لئے دھیان رہے کہ آپ سیبوں اور امرودوں کا آپس میں موازنہ نا کر رہے ہوں۔

-جب آپ بچوں کو بذریعہ MAIN جانچ رہے ہوں تو یقینی بنائیں کہ آپ مساویت کے موزوں طریقے استعمال کریں تاکہ کہانی اور / یا کہانی بنوانے کے مختلف طریقوں (کہانی دہرانا، ماڈل کہانی، کہانی سنانا) کے اثرات کو کم کیا جا سکے۔

<u>ریسرچ کے مقاصد کے لئے طریقہ برائے مساویت (Counterbalancing)</u>

پیش کرنے کا طریقہ، زبان اور کہانی کے اعتبار سے مساوی ہو (بلا / کتا- (خصوصاً) ماڈل کہانی / دہرانا اور پرندے کے بچے / بکری کے بچے- (خصوصاً) کہانی سنانا )۔ مساویت رکھنے کے لئے مندرجہ ذیل طریقہ استعمال کریں (اگر صرف ایک زبان کی جانچ کی جارہی ہو، تو بچوں کے لئے نمبر 1، 2،5، اور 6 یا نمبر 3،4،7، اور 8 بالترتیب استعمال کریں):

| بچہ نمبر | زبان | ماڈل کہانی / کہانی دہرانا | کہانی سنانا | زبان | ماڈل کہانی / کہانی دہرانا | کہانی سنانا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | L1 | بلا | پرندے کے بچے | L2 | کتا | بکری کے بچے |
| 2 | L1 | بلا | بکری کے بچے | L2 | کتا | پرندے کے بچے |
| 3 | L2 | بلا | بکری کے بچے | L1 | کتا | پرندے کے بچے |
| 4 | L2 | بلا | پرندے کے بچے | L1 | کتا | بکری کے بچے |
| 5 | L1 | کتا | پرندے کے بچے | L2 | بلا | بکری کے بچے |
| 6 | L1 | کتا | بکری کے بچے | L2 | بلا | پرندے کے بچے |
| 7 | L2 | کتا | بکری کے بچے | L1 | بلا | پرندے کے بچے |
| 8 | L2 | کتا | پرندے کے بچے | L1 | بلا | بکری کے بچے |

پہلی / مادری زبان L1 دوسری زبان L2

توجہ کریں کہ مختلف کہانیوں اور کہانی بنوانے کے مختلف طریقوں سے حاصل کئے گئے نتائج کا آپس میں موازنہ نہیں کیا جاسکتا (اوپر دیکھیں)۔

# "بلا" کہانی کے لئے پروٹوکول

## کہانی سنانا / کہانی دہرانا / ماڈل کہانی

بچے کا نام: ______________________

تاریخ پیدائش: ______________________

جانچ کی تاریخ: ______________________

جانچ کے وقت عمر (مہینوں میں): ______________________

جنس: ______________________

ایگزامنر کا نام: ______________________

L2 (دوسری زبان) سے شناسائی (مہینوں میں): ______________________

سکول میں داخلے کی تاریخ: ______________________

سکول کا نام: ______________________

دھیان رہے کہ تمام لفافے جانچ شروع کرنے سے پہلے میز پر موجود ہوں۔ سیشن کو ریکارڈ کرنے کے لئے آڈیو ریکارڈر تیار رکھیں۔ وارمنگ-اپ سے پہلے ریکارڈنگ شروع کر دیں۔

**وارمنگ-اپ:**

مثلاً یہ پوچھیں: آپ کا بہترین / سب سے اچھا دوست کون ہے؟ آپ کو ٹی وی پر کیا دیکھنا پسند ہے؟، کیا آپ کو کہانیاں سنانا پسند / اچھا لگتا ہے؟ کیا آپ کو کہانیاں سننا پسند / اچھا لگتا ہے؟

**ہدایات:**

**کہانی سنانے کے لئے ہدایات:**

بچے کی مخالف سمت میں / کے سامنے بیٹھیں۔ بچے سے کہیں: *"دیکھو / دیکھیں، یہاں 3 لفافے ہیں، ہر لفافے میں مختلف کہانی ہے۔ آپ ایک لو/لیں اور پھر مجھے کہانی سناؤ/ سنائیں"* ۔ تصاویر اس طرح کھولیں کہ سارا تسلسل صرف بچے کو نظر آئے۔ *پہلے پوری کہانی کو دیکھو/ دیکھیں۔ کیا آپ تیار ہو/ ہیں؟*

پہلی 2 تصاویر کھولیں۔ بچے سے کہیں: *میں چاہتی / چاہتا ہوں کہ آپ کہانی سناؤ/ سنائیں۔ ان تصاویر/ تصویروں کو دیکھو/ دیکھیں اور اچھی سی کہانی سناؤ/ سنائیں۔* اگر بچہ ہچکچائے تو یہ پرامٹس استعمال کئے جاسکتے ہیں: *"مجھے کہانی سناؤ/ سنائیں"* (تصویر کی طرف اشارہ کریں)۔ جب بچہ پہلی 2 تصاویر سے بتانا ختم کرلے، تو اگلی کھول دیں (اس طرح کہ اب تصاویر 1-4 نظر آرہی ہوں)۔ یہ عمل دہرائیں جب تک کہ کہانی کے اختتام تک نہ پہنچ جائیں۔ اگر بچہ کہانی کے درمیان خاموش ہو جائے تو یہ پرامٹس استعمال کریں: *"کچھ اور؟" "بتاتے رہو/ رہیں"، "اور بتاؤ/ بتائیں"، "چلو/ چلیں*

دیکھتے ہیں کہ کہانی میں اور کیا ہے"۔ اگر بچہ یہ بتائے بغیر کہ اس نے ختم کر لیا ہے، خاموش ہو جائے تو پوچھیں: "جب آپ ختم کر لو/لیں تو مجھے بتانا/بتائیں"۔

جب بچہ ختم کر لے تو اس کی تعریف / حوصلہ افزائی کریں اور سمجھ سے متعلق سوالات پوچھیں۔

**کہانی دہرانے کے لئے ہدایات:**

بچے کی مخالف سمت میں / کے سامنے بیٹھیں۔ بچے سے کہیں: "دیکھو / دیکھیں، یہاں 3 لفافے ہیں، ہر لفافے میں مختلف کہانی ہے۔ آپ ایک لو/لیں اور پھر میں آپ کو کہانی سناؤں گی/گا"۔ تصاویر اس طرح کھولیں کہ سارا تسلسل صرف بچے کو نظر آئے۔ پہلے پوری کہانی کو دیکھو / دیکھیں۔ کیا آپ تیار ہو/ہیں؟ میں آپ کو کہانی سناؤں گی/گا، پھر آپ کہانی دہرانا/دوبارہ سنانا/سنائیں۔

تصویر 1 اور 2 کھولیں۔ کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے (تصویر 1 پر اشارہ کریں): ایک دن ایک شرارتی بلا تھا، جس نے جھاڑی پر ایک پیلی تتلی کو بیٹھے دیکھا۔ وہ آگے بڑھا، کیونکہ وہ اسے پکڑنا چاہتا تھا۔ اتنے میں، ایک خوش لڑکا جس کے ہاتھ میں بالٹی اور گیند تھی، مچھلی پکڑ کر واپس آ رہا تھا۔ اس نے بلے کو تتلی پکڑتے دیکھا۔

تصویر 3 اور 4 کھولیں (اس طرح کہ اب 1 سے 4 تک ساری تصاویر نظر آ رہی ہوں)۔ تتلی جلدی سے اڑی اور بلا جھاڑی میں گر گیا۔ اس نے خود کو چوٹ لگا لی، اور بہت غصہ ہوا۔ لڑکا اتنا حیران ہوا کہ گیند اس کے ہاتھ سے گر گئی۔ جب اس نے اپنی گیند کو پانی میں جاتے دیکھا، وہ چیخا، "اوہ نہیں، میری گیند گئی"۔ وہ اداس تھا اور اپنی گیند واپس لینا چاہتا تھا۔ اتنے میں، بلے نے لڑکے کی بالٹی دیکھی اور سوچا: "مجھے مچھلی لینی ہے"۔

تصویر 5 اور 6 کھولیں (اس طرح کہ اب 1 سے 6 تک ساری تصاویر نظر آ رہی ہوں)۔ اسی وقت لڑکے نے مچھلی پکڑنے کے ڈنڈے سے اپنی گیند کو پانی سے باہر نکالنا شروع کر دیا۔ اس نے یہ نہیں دیکھا کہ بلا مچھلی لے رہا ہے۔ آخر میں، بلا اتنے مزے کی مچھلی کھا کر بہت خوش تھا، اور لڑکا بھی اپنی گیند واپس لے کر خوش تھا۔

اور کہانی یہاں ختم ہو گئی۔

تصاویر کھولیں، اس طرح کہ پہلی 2 تصاویر صرف بچے کو نظر آئیں۔ بچے سے کہیں: "میں چاہتی/چاہتا ہوں کہ اب آپ مجھے کہانی سناؤ/سنائیں۔ ان تصاویر/تصویروں کو دیکھو/دیکھیں اور اچھی سی کہانی سناؤ/سنائیں"۔ اگر بچہ ہچکچائے تو یہ پرامٹس استعمال کئے جا سکتے ہیں: "مجھے کہانی سناؤ / سنائیں" (تصویر کی طرف اشارہ کریں)۔ جب بچہ پہلی 2 تصاویر سے بتانا ختم کر لے تو اگلی کھول دیں (اس طرح کہ اب 1-4 تک ساری تصاویر نظر آ رہی ہوں)۔ یہ عمل دہرائیں جب تک کہ کہانی کے اختتام تک نہ پہنچ جائیں۔ اگر بچہ کہانی کے درمیان خاموش ہو جائے تو یہ پرامٹس استعمال کریں: "کچھ اور؟" "بتاتے رہو/رہیں"، "اور بتاؤ/بتائیں"، "چلو/چلیں دیکھتے ہیں کہ کہانی میں اور کیا ہے"۔ اگر بچہ یہ بتائے بغیر کہ اس نے ختم کر لیا ہے، خاموش ہو جائے تو پوچھیں: "جب آپ ختم کر لو/لیں تو مجھے بتانا/بتائیں"۔

جب بچہ ختم کر لے تو اس کی تعریف / حوصلہ افزائی کریں اور سمجھ سے متعلق سوالات پوچھیں۔

**ماڈل کہانی کے لئے ہدایات:**

بچے کی مخالف سمت میں / کے سامنے بیٹھیں۔ بچے سے کہیں: "دیکھو / دیکھیں، یہاں 3 لفافے ہیں، ہر لفافے میں مختلف کہانی ہے۔ آپ ایک لو/لیں

اور پھر میں آپ کو کہانی سناؤں گی / گا "۔ تصاویر اس طرح کھولیں کہ سارا تسلسل صرف بچے کو نظر آئے۔ پہلے پوری کہانی کو دیکھو / دیکھیں۔ کیا آپ تیار ہو / ہیں؟ میں آپ کو کہانی سناؤں گی / گا، پھر آپ سے سوال کروں گی / گا" ۔

تصویر 1 اور 2 کھولیں۔ کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے (تصویر 1 پر اشارہ کریں): ایک دن ایک شرارتی بلا تھا، جس نے جھاڑی پر ایک پیلی تتلی کو بیٹھے دیکھا۔ وہ آگے بڑھا، کیونکہ وہ اسے پکڑنا چاہتا تھا۔ اتنے میں، ایک خوش لڑکا جس کے ہاتھ میں بالٹی اور گیند تھی، مچھلی پکڑ کر واپس آ رہا تھا۔ اس نے بلے کو تتلی پکڑتے دیکھا۔

تصویر 3 اور 4 کھولیں (اس طرح کہ اب 1 سے 4 تک ساری تصاویر نظر آ رہی ہوں)۔ تتلی جلدی سے اڑی اور بلا جھاڑی میں گر گیا۔ اس نے خود کو چوٹ لگالی، اور بہت غصہ ہوا۔ لڑکا اتنا حیران ہوا کہ گیند اس کے ہاتھ سے گر گئی۔ جب اس نے اپنی گیند کو پانی میں جاتے دیکھا، وہ چیخا، "اوہ نہیں، میری گیند گئی"۔ وہ اداس تھا اور اپنی گیند واپس لینا چاہتا تھا۔ اتنے میں، بلے نے لڑکے کی بالٹی دیکھی اور سوچا: "مجھے مچھلی لینی ہے"۔

تصویر 5 اور 6 کھولیں (اس طرح کہ اب 1 سے 6 تک ساری تصاویر نظر آ رہی ہوں)۔ اسی وقت لڑکے نے مچھلی پکڑنے کے ڈنڈے سے اپنی گیند کو پانی سے باہر نکالنا شروع کر دیا۔ اس نے یہ نہیں دیکھا کہ بلا مچھلی لے رہا ہے۔ آخر میں، بلا اتنے مزے کی مچھلی کھا کر بہت خوش تھا، اور لڑکا بھی اپنی گیند واپس لے کر خوش تھا۔

اور کہانی یہاں ختم ہو گئی۔

جب آپ یہ بتا چکے کہ اور اب کہانی ختم ہو گئی تو سمجھ سے متعلق سوالات کریں۔

## "بلا" کہانی کی سکورنگ شیٹ

## حصہ اول: بناوٹ (پروڈکشن)

ا- کہانی کی بناوٹ ( Story Structure )؛ ب۔ بناوٹ کی پیچیدگی ( Structural Complexity)؛ ج۔ الفاظ برائے اندرونی کیفیات (IST)

### ا- کہانی کی بناوٹ (Story Structure)

| | | صحیح جوابات کی مثالیں[1] | سکور |
|---|---|---|---|
| ا-1 | ترتیب ( Setting) | وقت اور / یا جگہ کا حوالہ، مثلاً ایک دفعہ / ایک دن / بہت پہلے۔۔۔<br>جھیل کے پاس / جھیل پر / دریا کے کنارے / پانی کے پاس / سمندر کے پاس / باغ / کھیت میں | [2]2 1 0 |
| *قسط 1: بلا (قسط کے کردار: بلا اور تتلی)* | | | |
| ا-2 | IST بطور ابتدائی واقعہ<br>(As Initiating Event) | بلا شرارتی / متجسس تھا<br>بلے نے تتلی دیکھی | 1 0 |
| ا-3 | مقصد ( Goal) | بلا تتلی کو پکڑنا / لینا / تتلی کا پیچھا کرنا / تتلی کے ساتھ کھیلنا چاہتا تھا<br>فعل ( پکڑنا، لینا، کھیلنا) + چاہتا تھا (کے لئے) | 1 0 |
| ا-4 | اقدام (Attempt ) | بلے نے آگے / اوپر چھلانگ لگائی<br>بلے نے پیچھا کیا / پیچھا کرنا شروع کیا<br>بلے نے فعل ( پکڑنے، لینے، اٹھانے) + کوشش کی | 1 0 |
| ا-5 | انجام (Outcome) | بلا جھاڑی میں گر گیا / کو تتلی نہیں ملی / اتنا تیز نہیں تھا<br>تتلی چلی گئی / اُڑ گئی / بہت تیز تھی | 1 0 |
| ا-6 | IST بطور ردِ عمل<br>( As Reaction ) | بلا مایوس / غصہ / دکھی تھا<br>تتلی خوش تھی | 1 0 |
| *قسط 2: لڑکا (قسط کا کردار: لڑکا)* | | | |
| ا-7 | IST بطور ابتدائی واقعہ<br>(As Initiating Event) | لڑکا اداس تھا / ناخوش تھا / گیند کے لئے پریشان تھا /<br>لڑکے نے گیند کو پانی میں دیکھا | 1 0 |
| ا-8 | مقصد ( Goal) | لڑکے نے فیصلہ کیا / گیند واپس لینا چاہتا تھا /<br>فعل (لینا) + چاہتا تھا (کے لئے) | 1 0 |

---

[1] ۔ اگر کوئی شبہ ہو یا بچے کا دیا ہوا جواب سکورنگ شیٹ میں نہ ہو تو کتابچہ (Manual) دیکھیں۔

[2] - اگر جواب نہ دیا گیا ہو یا غلط ہو تو 0 زیرو / صفر نمبر، صحیح جواب کے لئے 1 نمبر، 2 نمبر جب دونوں، وقت اور جگہ بتائے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| **ا–9** | اقدام (Attempt) | **لڑکا** کھینچ / گیند پانی سے باہر نکالنے کی کوشش کر رہا ہے / تھا | 1 0 |
| **ا–10** | انجام (Outcome) | **لڑکے** کو گیند مل گئی / دوبارہ<br>**گیند** بچ گئی | 1 0 |
| ا–11 | IST بطور ردِ عمل<br>( As Reaction ) | **لڑکا** خوش تھا / مطمئن تھا / پر سکون تھا (اپنی گیند واپس لے کر) | 1 0 |
| | *قسط 3: بلا (قسط کا کردار: بلا)* | | |
| ا–12 | IST بطور ابتدائی واقعہ<br>(As Initiating Event) | **بلا** بھوکا تھا / متجسس تھا / مچھلی لینا چاہتا تھا<br>**بلے** نے مچھلی کو دیکھا | 1 0 |
| ا–13 | مقصد ( Goal) | **بلا** چاہتا تھا / نے لینے کا فیصلہ کیا / نے پکڑا / نے کھایا / نے چوری کیا مچھلی کو<br>فعل (لینا، کھانا) + چاہتا تھا (کے لئے) | 1 0 |
| ا–14 | اقدام (Attempt) | **بلا** مچھلی کو پکڑ / کھینچ / لے / چوری کر رہا ہے / تھا<br>**بلے** نے مچھلی پکڑی، کھینچی / نکالی (بالٹی سے باہر) / مچھلی پکڑنے پہنچا<br>**بلے** نے فعل (لینے، پکڑنے) + کوشش کی | 1 0 |
| ا–15 | انجام (Outcome) | **بلے** نے کھائی / کو مچھلی ملی | 1 0 |
| ا–16 | IST بطور ردِ عمل<br>( As Reaction ) | **بلا** مطمئن تھا / خوش تھا / بھوکا نہیں تھا (اب) | 1 0 |
| **ا–17** | **17 میں سے کل سکور:** | | |

## ب۔ بناوٹ کی پیچیدگی (Structural Complexity)

| AO تسلسل کی تعداد | اکیلے G کی تعداد<br>(A یا O کے بغیر) | GO/GA تسلسل کی تعداد | GAO تسلسل کی تعداد |
|---|---|---|---|
| ب1۔ | ب2۔ | ب3۔ | ب4۔ |
| | | | |

## ج۔ الفاظ برائے اندرونی کیفیات(Internal State Terms - IST)

| | |
|---|---|
| ج1 | ٹوکن میں IST کی کل تعداد۔ IST میں شامل ہیں:<br>**الفاظ برائے کیفیتِ ادراکی / حالتِ ادراکی** مثلاً دیکھا، سنا، محسوس کیا، سونگھا؛<br>**الفاظ برائے کیفیتِ جسمانی** مثلاً پیاسا، بھوکا، تھکا ہوا، دکھا ہوا، درد میں / ہو رہا ہے؛<br>**الفاظ برائے آگاہی** مثلاً زندہ، جاگنا، سونا؛<br>**الفاظ برائے جذبات** مثلاً اداس، خوش، غصہ، پریشان، مایوس، ڈرا ہوا، مغرور، محفوظ (محسوس کرنا) بہادر، حیران؛<br>**ذہنی افعال** مثلاً چاہتا، سوچا، جانتا، بھولا، فیصلہ کیا، بھروسہ کرنا، ماننا، حیران، منصوبہ ہے / بنایا؛<br>**لسانی افعال، / کہنے / بتانے کے افعال** مثلاً کہا، بلایا، چیخا، خبردار کیا، پوچھا۔ |

## حصہ دوم: سمجھ (کومپریہینشن)

| | | صحیح جوابات کی مثالیں | غلط جوابات کی مثالیں | سکور |
|---|---|---|---|---|
| 0 | کیا آپ کو کہانی اچھی لگی؟ | وارم۔اپ کے سوالات، سکور نہیں ہیں۔ | | |
| د-1 | بلے نے چھلانگ کیوں لگائی / آگے کیوں آیا؟<br>*(تصاویر 1-2 پر اشارہ کریں)*<br>(قسط 1: مقصد) | تتلی لینا / پکڑنا / کا پیچھا کرنا / تتلی سے کھیلنا چاہتا ہے<br>تتلی لینا چاہتا ہے<br>تتلی کو - فعل (لینا / پکڑنا) + چاہتا ہے (کے کئے) | جارہا / بھاگ رہا ہے / چھلانگ لگانا چاہتا ہے<br>بلے ہمیشہ چھلانگ لگاتے / بھاگتے رہتے ہیں | 1 0 |
| د-2 | بلے کو کیسا محسوس ہوا / لگا؟<br>*(تصویر 3 پر اشارہ کریں)*<br>(IST بطور ردِ عمل) | غصہ / برا لگا / مایوس ہوا / دکھی ہوا / درد میں ہے / اچھا نہیں / آرام سے / ٹھیک نہیں تھا | اچھا / خوش | 1 0 |
| د-3 | *(د-3 صرف تب پوچھیں اگر بچہ د۔2 میں بغیر وضاحت کے صحیح جواب دے۔*<br>*اگر د-2 میں صحیح وضاحت دی گئی ہے، تو د-3 میں نمبر دیں اور د-4 پر جائیں)۔*<br>آپ کو کیا لگتا ہے کہ بلا غصہ / اداس / دکھی کیوں محسوس کر رہا ہے؟[3] | تتلی نہیں پکڑ سکا / جھاڑی میں گر گیا<br>کانٹوں والی جھاڑی میں گرنے سے درد ہوتا ہے<br>تتلی بھاگ گئی / چلی گئی | غیر مناسب / غیر متعلقہ جواب | 1 0 |
| د-4 | لڑکے نے مچھلی پکڑنے والا ڈنڈا پانی میں کیوں ڈالا؟<br>*(تصویر 5 پر اشارہ کریں)*<br>(قسط 2: مقصد) | اپنی گیند لینا / پکڑنا چاہتا ہے (واپس)<br>اپنی گیند (واپس) لینا چاہتا ہے<br>گیند (واپس / باہر) فعل (لینے / نکالنے) + کے لئے | پانی میں کھیلنے کے لئے | 1 0 |
| د-5 | لڑکے کو کیسا محسوس ہوا / لگا؟<br>*(تصویر 6 پر اشارہ کریں)*<br>(IST بطور ردِ عمل) | اچھا / ٹھیک / خوش / مطمئن | برا / غصہ / دکھی / ناراض | 1 0 |
| د-6 | *(د-6 صرف تب پوچھیں اگر بچہ د۔5 میں بغیر وضاحت کے صحیح جواب دے۔* | گیند واپس لے لی / مل گئی<br>گیند فعل (لینے، نکالنے) + میں کامیاب ہوگیا | وہ ہنس رہا ہے / وہ ویسا دِکھا / کوئی اور غلط جواب | 1 0 |

[3] بچے کا د-2 کے جواب میں دیا گیا IST استعمال کریں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | اگر د-5 میں صحیح وضاحت دے تو د-6 میں نمبر دیں اور د-7 پر جائیں)۔ آپ کو کیا لگتا ہے کہ لڑکا خوش / ٹھیک / مطمئن کیوں محسوس کر رہا ہے؟[4] | | | |
| د-7 | بلے نے مچھلی کو کیوں پکڑا؟ / کیوں لی؟ (تصویر 5 پر اشارہ کریں) (قسط 3: مقصد) | فیصلہ کیا / مچھلی کھانا / لینا / چوری کرنا چاہتا ہے موقع حاصل کیا جب لڑکا نہیں دیکھ رہا تھا تتلی نہیں ملی / تتلی نہیں لے سکا / پکڑ سکا بلے کو مچھلی اچھی لگتی ہے (عمومی مطلب) مچھلی مزیدار ہوتی ہے / مزے کی ہوتی ہے | مچھلی سے کھیلنا چاہتا ہے | 1 0 |
| د-8 | سوچیں / تصور کریں کہ لڑکا بلے کو دیکھتا ہے۔ لڑکے کو کیسا محسوس ہوا / لگا؟ (تصویر 6 پر اشارہ کریں) ( IST بطور ردِ عمل) | برا / غصہ / اداس / ناراض / اچھا نہیں | ٹھیک / اچھا / خوش / مطمئن | 1 0 |
| د-9 | (د-9 صرف تب پوچھیں اگر بچہ د-8 میں بغیر وضاحت کے صحیح جواب دے۔ اگر د-8 میں صحیح وضاحت دے، تو د-9 کے نمبر دیں اور د-10 پر جائیں۔) آپ کو کیا لگتا ہے کہ لڑکا ناراض / غصہ کیوں ہے؟[5] | بلا اس کی مچھلی کھا گیا / کھا رہا ہے / لے گیا ہے لڑکا کھانا چاہتا تھا / مچھلی لینا چاہتا تھا (خود) یہ لڑکے کی مچھلی تھی | مچھلی پکڑنے کا ڈنڈا زمین پر ہے یا کوئی اور غلط جواب | 1 0 |
| د-10 | کیا لڑکا بلے سے دوستی کرے گا؟ کیوں؟ | نہیں۔ کم از کم ایک وجہ بتائے (بلے نے مچھلی کھائی / چرائی) یا کوئی اور صحیح جواب | ہاں / مجھے نہیں پتا / کوئی اور غیر متعلقہ جواب | 1 0 |
| د-11 | **10 میں سے کل نمبر** | | | |

[4] بچے کا د-5 کے جواب میں دیا گیا IST استعمال کریں۔

[5] بچے کا د-8 کے جواب میں دیا گیا IST استعمال کریں۔

# "کتا" کہانی کے لئے پروٹوکول

## کہانی سنانا / کہانی دہرانا / ماڈل کہانی

بچے کا نام: ______________________

تاریخ پیدائش: ______________________

جانچ کی تاریخ: ______________________

جانچ کے وقت عمر (مہینوں میں): ______________________

جنس: ______________________

ایگزامنر کا نام: ______________________

L2 (دوسری زبان) سے شناسائی ______________________

(مہینوں میں):

سکول میں داخلے کی تاریخ: ______________________

سکول کا نام: ______________________

دھیان رہے کہ تمام لفافے جانچ شروع کرنے سے پہلے میز پر موجود ہوں۔ سیشن کو ریکارڈ کرنے کے لئے آڈیو ریکارڈر تیار رکھیں۔ وارمنگ-اپ سے پہلے ریکارڈنگ شروع کر دیں۔

**وارمنگ-اپ:**

مثلاً یہ پوچھیں: آپ کا بہترین / سب سے اچھا دوست کون ہے؟، آپ کو ٹی وی پر کیا دیکھنا پسند ہے؟، کیا آپ کو کہانیاں سنانا پسند ہے؟، کیا آپ کو کہانیاں سننا پسند ہے؟

**ہدایات:**

**کہانی سنانے کے لئے ہدایات:**

بچے کی مخالف سمت میں / کے سامنے بیٹھیں۔ بچے سے کہیں: *"دیکھو / دیکھیں، یہاں 3 لفافے ہیں، ہر لفافے میں مختلف کہانی ہے۔ آپ ایک لو/لیں اور پھر مجھے کہانی سناؤ/سنائیں"* ۔ تصاویر اس طرح کھولیں کہ سارا تسلسل صرف بچے کو نظر آئے۔ *پہلے پوری کہانی کو دیکھو/دیکھیں۔ کیا آپ تیار ہو/ہیں؟*

پہلی 2 تصاویر کھولیں۔ بچے سے کہیں: *میں چاہتی / چاہتا ہوں کہ آپ کہانی سناؤ/سنائیں۔ ان تصاویر/تصویروں کو دیکھو/دیکھیں اور اچھی سی کہانی سناؤ/سنائیں* "۔ اگر بچہ ہچکچائے تو یہ پراٹمس استعمال کئے جاسکتے ہیں: "*مجھے کہانی سناؤ/سنائیں* "(تصویر کی طرف اشارہ کریں)۔ جب بچہ پہلی 2 تصاویر سے بتانا ختم کرلے، تو اگلی کھول دیں (اس طرح کہ اب 1 سے 4 تک ساری تصاویر نظر آرہی ہوں)۔ یہ عمل دہرائیں جب تک کہ کہانی کے اختتام تک نہ پہنچ جائیں۔ اگر بچہ کہانی کے درمیان خاموش ہو جائے تو یہ پراٹمس استعمال کریں: "*کچھ اور؟*" "*بتاتے رہو/رہیں*"، "*اور بتاؤ/بتائیں*"، " چلو /

چلیں دیکھتے ہیں کہ کہانی میں اور کیا ہے "۔ اگر بچہ یہ بتائے بغیر کہ اس نے ختم کر لیا ہے، خاموش ہو جائے تو پوچھیں: "جب آپ ختم کر لو/ لیں تو مجھے بتانا/ بتائیں "۔

جب بچہ ختم کر لے تو اس کی تعریف / حوصلہ افزائی کریں اور سمجھ سے متعلق سوالات پوچھیں۔

**کہانی دہرانے کے لئے ہدایات:**

بچے کی مخالف سمت میں / کے سامنے بیٹھیں۔ بچے سے کہیں: "دیکھو /دیکھیں، یہاں 3 لفافے ہیں، ہر لفافے میں مختلف کہانی ہے۔ آپ ایک لو/ لیں اور پھر میں آپ کو کہانی سناؤں گی/ گا "۔ تصاویر اس طرح کھولیں کہ سارا تسلسل صرف بچے کو نظر آئے۔ پہلے پوری کہانی کو دیکھو/ دیکھیں۔ کیا آپ تیار ہو/ ہیں؟ میں آپ کو کہانی سناؤں گی/ گا، پھر آپ کہانی دہرانا/ دوبارہ سنانا/ سنائیں۔

تصویر 1 اور 2 کھولیں۔ کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے: (تصویر 1 پر اشارہ کریں) ایک دن ایک شرارتی کتا تھا، جس نے درخت کے قریب ایک کالے چوہے کو بیٹھے ہوئے دیکھا۔ وہ آگے بڑھا، کیونکہ وہ اسے پکڑنا چاہتا تھا۔ اتنے میں، ایک خوش لڑکا جس کے ہاتھ میں ایک شاپر اور غبارہ تھا، بازار سے واپس آرہا تھا۔ اس نے کتے کو چوہا پکڑتے ہوئے دیکھا۔

تصویر 3 اور 4 کھولیں (اس طرح کہ اب 1 سے 4 تک ساری تصاویر نظر آرہی ہوں)۔ چوہا جلدی سے بھاگا اور کتا درخت سے ٹکرا گیا۔ اس نے خود کو چوٹ لگا لی اور بہت غصہ ہوا۔ لڑکا اتنا حیران ہوا کہ غبارہ اس کے ہاتھ سے چھوٹ گیا۔ جب اس نے اپنے غبارے کو درخت میں جاتے دیکھا، تو وہ چیخا، "اوہ نہیں، میرا غبارہ گیا"۔ وہ اداس تھا اور اپنا غبارہ واپس لینا چاہتا تھا۔ اتنے میں، کتے نے لڑکے کا شاپر دیکھا اور سوچا: "مجھے بوٹی لینی ہے۔"

تصویر 5 اور 6 کھولیں (اس طرح کہ اب 1 سے 6 تک ساری تصاویر نظر آرہی ہوں)۔ اسی وقت، لڑکے نے درخت سے اپنا غبارہ کھینچنا شروع کر دیا۔ اس نے نہیں دیکھا کہ کتا بوٹی لے رہا ہے۔ آخر میں، کتا اتنے مزے کی بوٹی کھا کر بہت خوش تھا، اور لڑکا بھی اپنا غبارہ واپس لے کر خوش تھا۔

اور کہانی یہاں ختم ہو گئی۔

تصاویر کھولیں، اس طرح کہ پہلی 2 تصاویر صرف بچے کو نظر آئیں۔ بچے سے کہیں: "میں چاہتی/ چاہتا ہوں کہ اب آپ مجھے کہانی سناؤ/ سنائیں۔ ان تصاویر/ تصویروں کو دیکھو/ دیکھیں اور اچھی سی کہانی سناؤ/ سنائیں "۔ اگر بچہ ہچکچائے تو یہ پرامٹس استعمال کئے جا سکتے ہیں: "مجھے کہانی سناؤ / سنائیں" (تصویر کی طرف اشارہ کریں)۔ جب بچہ پہلی 2 تصاویر سے بتانا ختم کر لے تو اگلی کھول دیں (اس طرح کہ اب 1-4 تک ساری تصاویر نظر آرہی ہوں)۔ یہ عمل دہرائیں جب تک کہ کہانی کے اختتام تک نہ پہنچ جائیں۔ اگر بچہ کہانی کے درمیان خاموش ہو جائے تو یہ پرامٹس استعمال کریں: "کچھ اور؟ " "بتاتے رہو/ رہیں "، "اور بتاؤ/ بتائیں "، " چلو /چلیں دیکھتے ہیں کہ کہانی میں اور کیا ہے "۔ اگر بچہ یہ بتائے بغیر کہ اس نے ختم کر لیا ہے، خاموش ہو جائے تو پوچھیں: "جب آپ ختم کر لو/ لیں تو مجھے بتانا/ بتائیں "۔

جب بچہ ختم کر لے تو اس کی تعریف / حوصلہ افزائی کریں اور سمجھ سے متعلق سوالات پوچھیں۔

**ماڈل کہانی کے لئے ہدایات:**

بچے کی مخالف سمت میں / کے سامنے بیٹھیں۔ بچے سے کہیں: "دیکھو / دیکھیں، یہاں 3 لفافے ہیں، ہر لفافے میں مختلف کہانی ہے۔ آپ ایک لو/ لیں

اور پھر میں آپ کو کہانی سناؤں گی / گا "۔ تصاویر اس طرح کھولیں کہ سارا تسلسل صرف بچے کو نظر آئے۔پہلے پوری کہانی کو دیکھو / دیکھیں۔کیا آپ تیار ہو / ہیں؟ میں آپ کو کہانی سناؤں گی / گا، پھر آپ سے سوال کروں گی / گا" ۔

تصویر 1 اور 2 کھولیں۔ کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:(تصویر 1 پر اشارہ کریں) ایک دن ایک شرارتی کتا تھا، جس نے درخت کے قریب ایک کالے چوہے کو بیٹھے ہوئے دیکھا۔وہ آگے بڑھا، کیونکہ وہ اسے پکڑنا چاہتا تھا۔اتنے میں، ایک خوش لڑکا جس کے ہاتھ میں ایک شاپر اور غبارہ تھا، بازار سے واپس آرہا تھا۔اس نے کتے کو چوہا پکڑتے ہوئے دیکھا۔

تصویر 3 اور 4 کھولیں (اس طرح کہ اب 1 سے 4 تک ساری تصاویر نظر آرہی ہوں)۔چوہا جلدی سے بھاگا اور کتا درخت سے ٹکرا گیا۔اس نے خود کو چوٹ لگالی اور بہت غصہ ہوا۔لڑکا اتنا حیران ہوا کہ غبارہ اس کے ہاتھ سے چھوٹ گیا۔جب اس نے اپنے غبارے کو درخت میں جاتے دیکھا، تو وہ چیخا، "اوہ نہیں، میرا غبارہ گیا" ۔وہ اداس تھا اور اپنا غبارہ واپس لینا چاہتا تھا۔اتنے میں، کتے نے لڑکے کا شاپر دیکھا اور سوچا:" مجھے بوٹی لینی ہے۔"

تصویر 5 اور 6 کھولیں (اس طرح کہ اب 1 سے 6 تک ساری تصاویر نظر آرہی ہوں)۔اسی وقت، لڑکے نے درخت سے اپنا غبارہ کھینچنا شروع کر دیا۔ اس نے نہیں دیکھا کہ کتا بوٹی لے رہا ہے۔آخر میں، کتا اتنے مزے کی بوٹی کھا کر بہت خوش تھا، اور لڑکا بھی اپنا غبارہ واپس لے کر خوش تھا۔

اور کہانی یہاں ختم ہو گئی۔

جب آپ یہ بتا چکے کہ اور اب کہانی ختم ہو گئی تو سمجھ سے متعلق سوالات کریں۔

## "کتا" کہانی کے لئے سکورنگ شیٹ

## حصہ اول: بناوٹ (پروڈکشن)

ا- کہانی کی بناوٹ(Story Structure )؛ ب- بناوٹ کی پیچیدگی (Structural Complexity)؛ ج- الفاظ برائے اندرونی کیفیات(IST )

### ا- کہانی کی بناوٹ( Story Structure )

| | | صحیح جوابات کی مثالیں[6] | سکور |
|---|---|---|---|
| ا-1 | ترتیب ( Setting ) | وقت اور / یا جگہ کا حوالہ، مثلاً ایک دفعہ / ایک دن / بہت پہلے۔۔۔<br>جنگل میں / باغ میں / کھیت میں / درخت کے پاس / سڑک کنارے | 0 1 2[7] |
| قسط 1: کتا (قسط کے کردار: کتا اور چوہا) | | | |
| ا-2 | IST بطور ابتدائی واقعہ<br>(As Initiating Event) | کتا شرارتی تھا / متجسس تھا<br>کتے نے چوہا دیکھا | 0 1 |
| ا-3 | مقصد ( Goal ) | کتا پکڑنا / لینا / چوہے کا پیچھا کرنا / چوہے کے ساتھ کھیلنا چاہتا تھا<br>فعل (پکڑنا، لینا، کھیلنا) + چاہتا تھا (کے لئے) | 0 1 |
| ا-4 | اقدام(Attempt) | کتے نے آگے چھلانگ لگائی / اوپر<br>کتے نے پکڑا / پکڑنا شروع کیا<br>کتے نے کوشش کی + فعل (پکڑنے، لینے، اٹھانے) | 0 1 |
| ا-5 | انجام(Outcome) | کتے نے اپنا سر ٹکرا دیا / درخت سے ٹکرا گیا / کو چوہا نہیں ملا / اتنا تیز نہیں تھا<br>چوہا بھاگ گیا / درخت کے پیچھے بھاگ گیا / چوہا بہت تیز تھا | 0 1 |
| ا-6 | IST بطور ردِ عمل<br>( As Reaction ) | کتا مایوس / غصہ / دکھی / ناراض تھا<br>چوہا خوش تھا / مطمئن تھا | 0 1 |
| قسط 2: لڑکا (قسط کا کردار: لڑکا) | | | |
| ا-7 | IST بطور ابتدائی واقعہ<br>(As Initiating Event) | لڑکا اداس تھا / ناخوش تھا / اپنے غبارے کے لئے پریشان تھا<br>لڑکے نے غبارے کو درخت میں دیکھا | 0 1 |

[6] اگر کوئی شبہ ہو یا بچے کا دیا ہوا جواب سکورنگ شیٹ میں نہ ہو تو کتابچہ (manual) دیکھیں۔

[7] اگر جواب نہ دیا گیا ہو یا غلط ہو تو 0 زیرو / صفر نمبر، صحیح جواب کے لئے 1 نمبر، 2 نمبر جب دونوں، وقت اور جگہ بتائے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا-8 | مقصد ( Goal ) | لڑکے نے فیصلہ کیا / اپنا غبارہ واپس لینا چاہتا تھا<br>فعل ( لینا ) واپس + چاہتا تھا ( کے لئے ) | 1 0 |
| ا-9 | اقدام (Attempt) | لڑکا کھینچ رہا ہے / تھا / درخت سے غبارہ نیچے اتارنے کی کوشش کی<br>لڑکے نے غبارے کے پیچھے چھلانگ لگائی / ( غبارے ) کے لئے پہنچا / ( درخت پر ) چڑھ رہا ہے / تھا | 1 0 |
| ا-10 | انجام (Outcome) | لڑکے کو اس کا غبارہ مل گیا / واپس<br>غبارہ بچ گیا | 1 0 |
| ا-11 | IST بطور ردِ عمل<br>( As Reaction ) | لڑکا خوش تھا / مطمئن تھا / پر سکون تھا ( اپنا غبارہ واپس لے کر / پا کر ) | 1 0 |
| *قسط 3: کتا ( قسط کا کردار: کتا )* | | | |
| ا-12 | IST بطور ابتدائی واقعہ<br>(As Initiating Event) | کتے نے بوٹی دیکھی ( شاپر کے اندر / میں )<br>کتا بھوکا تھا / متجسس تھا / بوٹی لینا چاہتا تھا | 1 0 |
| ا-13 | مقصد ( Goal ) | کتا چاہتا تھا / لینے کا فیصلہ کیا / کھانے / چوری کرنے کا<br>فعل ( کھانا / لینا ) + چاہتا تھا ( کے لئے ) | 1 0 |
| ا-14 | اقدام (Attempt) | کتا پکڑ / کھینچ / لے / بوٹی چوری کر رہا ہے / تھا<br>کتے نے پکڑا / کھینچا / لیا ( شاپر سے باہر ) / بوٹی پکڑنے پہنچا<br>کتے نے فعل ( لینے / پکڑنے ) + کوشش کی | 1 0 |
| ا-15 | انجام (Outcome) | کتے نے کھایا / کتے کو بوٹی ملی | 1 0 |
| ا-16 | IST بطور ردِ عمل<br>( As Reaction ) | کتا مطمئن تھا / خوش تھا / بھوکا نہیں تھا ( اب اور ) | 1 0 |
| ا-17 | **17 میں سے کل سکور:** | | |

## ب۔ بناوٹ کی پیچیدگی (Structural Complexity)

| AO تسلسل کی تعداد | اکیلے G کی تعداد ( A یا O کے بغیر ) | GA / GO تسلسل کی تعداد | GAO تسلسل کی تعداد |
|---|---|---|---|
| ب1۔ | ب2۔ | ب3۔ | ب4۔ |
| | | | |

## ج۔ الفاظ برائے اندرونی کیفیات (Internal State Terms – IST)

| | |
|---|---|
| ج1 | ٹوکن میں IST کی کل تعداد۔ IST میں شامل ہیں:<br>**الفاظ برائے کیفیتِ ادراکی / حالتِ ادراکی** مثلاً دیکھا، سنا، محسوس کیا، سونگھا؛<br>**الفاظ برائے کیفیتِ جسمانی** مثلاً پیاسا، بھوکا، تھکا ہوا، دکھا ہوا، درد میں / ہو رہا ہے؛<br>**الفاظ برائے آگاہی** مثلاً زندہ، جاگنا، سونا؛<br>**الفاظ برائے جذبات** مثلاً اداس، خوش، غصہ، پریشان، مایوس، ڈرا ہوا، مغرور، محفوظ (محسوس کرنا) بہادر، حیران؛<br>**ذہنی افعال** مثلاً چاہتا، سوچا، جانتا، بھولا، فیصلہ کیا، بھروسہ کرنا، ماننا، حیران، منصوبہ ہے / بنایا؛<br>**لسانی افعال، / کہنے / بتانے کے افعال** مثلاً کہا، بلایا، چیخا، خبردار کیا، پوچھا؛ |

## حصہ دوم: سمجھ (کومپریہینشن)

| | | صحیح جوابات کی مثالیں | غلط جوابات کی مثالیں | سکور |
|---|---|---|---|---|
| 0 | کیا آپ کو کہانی اچھی لگی؟ | وارم-اپ کے سوالات، سکور نہیں ہیں | | |
| د-1 | کتے نے چھلانگ کیوں لگائی / آگے کیوں آیا؟ (تصاویر 1-2 پر اشارہ کریں) (قسط 1: مقصد) | لینا چاہتا ہے / پکڑنا چاہتا ہے / چوہے کا پیچھا کرنا / چوہے سے کھیلنا چوہا لینا چاہتا ہے چوہے کو - فعل (لینا / پکڑنا) + چاہتا ہے (کے لئے) | جارہا / بھاگ رہا ہے / چھلانگ لگانا چاہتا ہے | 1 0 |
| د-2 | کتے کو کیسا محسوس ہوا / لگا؟ (تصویر 3 پر اشارہ کریں) (IST بطور ردِ عمل) | غصہ / برا لگا / مایوس ہوا / دکھی ہوا / درد میں ہے / اچھا نہیں / آرام سے نہیں تھا | اچھا / خوش | 1 0 |
| د-3 | (د-3 صرف تب پوچھیں اگر بچہ د-2 میں بغیر وضاحت کے صحیح جواب دے۔ اگر د-2 میں صحیح وضاحت دی گئی ہے، تو د-3 میں نمبر دیں اور د-4 پر جائیں)۔ آپ کو کیا لگتا ہے کہ کتا غصہ، اداس، دکھی کیوں محسوس کر رہا ہے؟[8] | چوہے کو نہیں پکڑ سکا / اپنا سر ٹکرا لیا / درخت سے ٹکرا گیا / درخت سے ٹکرانے سے درد ہوتا ہے چوہا بھاگ گیا / چلا گیا | غیر مناسب / غیر متعلقہ جواب | 1 0 |
| د-4 | لڑکے نے چھلانگ کیوں لگائی / آگے کیوں بڑھا؟ (تصویر 5 پر اشارہ کریں) (قسط 2: مقصد) | اپنا غبارہ لینا / پکڑنا چاہتا ہے (واپس) اپنا غبارہ چاہتا ہے (واپس) غبارہ (واپس) فعل (لینے / پکڑنے) + کے لئے | درخت پر چڑھنے کے لئے / درخت پر چڑھا | 1 0 |
| د-5 | لڑکے کو کیسا محسوس ہوا / لگا؟ (تصویر 6 پر اشارہ کریں)۔ (IST بطور ردِ عمل) | اچھا / ٹھیک / خوش / مطمئن | برا / غصہ / دکھی | 1 0 |
| د-6 | (د-6 صرف تب پوچھیں اگر بچہ د-5 میں بغیر وضاحت کے صحیح جواب دے۔ اگر د-5 میں صحیح وضاحت دے تو د-6 میں نمبر دیں اور د-7 پر جائیں)۔ | غبارہ واپس لے لیا / مل گیا غبارہ - فعل (لینے) + میں کامیاب ہو گیا | وہ ہنس رہا تھا / وہ ویسا دِکھا / کوئی اور غیر مناسب جواب | 1 0 |

[8] بچے کا د-2 کے جواب میں بتایا گیا IST استعمال کریں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | آپ کو کیا لگتا ہے کہ لڑکا خوش / ٹھیک / مطمئن کیوں محسوس کر رہا ہے؟[9] | | | |
| د-7 | کتے نے بوٹی کیوں لی؟<br>*(تصویر 5 پر اشارہ کریں)*<br>(قسط 3: مقصد) | فیصلہ کیا / کھانا چاہتا ہے / لینا / بوٹی چوری کرنا چاہتا ہے<br>موقع حاصل کیا جب لڑکا نہیں دیکھ رہا تھا<br>چوہا نہیں ملا / چوہا نہیں لے سکا / پکڑ سکا<br>کتے کو گوشت / بوٹی اچھی لگتی ہے<br>(عمومی مطلب)<br>بوٹی مزیدار ہوتی ہے / مزے کی ہوتی ہے | شاپر سے کھیلنا چاہتا ہے | 1 0 |
| د-8 | سوچیں / تصور کریں کہ لڑکا کتے کو دیکھتا ہے۔ لڑکے کو کیسا محسوس ہوا / لگا؟<br>*(تصویر 6 پر اشارہ کریں)*<br>(IST بطور ردِ عمل) | برا / غصہ / اداس / ناراض / اچھا نہیں | ٹھیک / اچھا / خوش / مطمئن | 1 0 |
| د-9 | *(د-9 صرف تب پوچھیں اگر بچہ د-8 میں بغیر وضاحت کے صحیح جواب دے۔ اگر د-8 میں صحیح وضاحت دے، تو د-9 کے نمبر دیں اور د-10 پر جائیں)۔*<br>آپ کو کیا لگتا ہے کہ لڑکا ناراض / غصہ کیوں ہے؟[10] | کتا کھا گیا / کھا رہا ہے / لے گیا ہے / اس کی بوٹیاں لے گیا ہے<br>لڑکا کھانا چاہتا تھا / لینا چاہتا تھا (خود)<br>یہ لڑکے کی بوٹیاں تھیں | غیر مناسب / غیر متعلقہ جواب | 1 0 |
| د-10 | کیا لڑکا کتے سے دوستی کرے گا؟ کیوں؟ | نہیں۔ کم از کم ایک وجہ بتائے (کتے نے بوٹی کھائی / چرائی) یا کوئی اور صحیح جواب | ہاں / مجھے نہیں پتا / کوئی اور غیر متعلقہ جواب | 1 0 |
| **د-11** | **10 میں سے کل نمبر** | | | |

[9] بچے کا د-5 کے جواب میں دیا گیا IST استعمال کریں۔

[10] بچے کا د-8 کے جواب میں دیا گیا IST استعمال کریں۔

## "پرندے کے بچے" کہانی کے لئے پروٹوکول

## کہانی سنانا/ کہانی دہرانا/ ماڈل کہانی

بچے کا نام: ______________________

تاریخ پیدائش: ______________________

جانچ کی تاریخ: ______________________

جانچ کے وقت عمر (مہینوں میں): ______________________

جنس: ______________________

ایگزامنر کا نام: ______________________

L2 (دوسری زبان) سے شناسائی (مہینوں میں): ______________________

سکول میں داخلے کی تاریخ: ______________________

سکول کا نام: ______________________

دھیان رہے کہ تمام لفافے جانچ شروع کرنے سے پہلے میز پر موجود ہوں۔ سیشن کو ریکارڈ کرنے کے لئے آڈیو ریکارڈر تیار رکھیں۔ وارمنگ اپ سے پہلے ریکارڈنگ شروع کر دیں۔

**وارمنگ اپ:**

مثلاً یہ پوچھیں: آپ کا بہترین / سب سے اچھا دوست کون ہے؟، آپ کو ٹی وی پر کیا دیکھنا پسند ہے؟، کیا آپ کو کہانیاں سنانا پسند ہے؟، کیا آپ کو کہانیاں سننا پسند ہے؟

**ہدایات:**

**کہانی سنانے کے لئے ہدایات:**

بچے کی مخالف سمت میں / کے سامنے بیٹھیں۔ بچے سے کہیں: *"دیکھو / دیکھیں، یہاں 3 لفافے ہیں، ہر لفافے میں مختلف کہانی ہے۔ آپ ایک لو/ لیں اور پھر مجھے کہانی سناؤ/ سنائیں"*۔ تصاویر اس طرح کھولیں کہ سارا تسلسل صرف بچے کو نظر آئے۔ *پہلے پوری کہانی کو دیکھو/ دیکھیں۔ کیا آپ تیار ہو/ ہیں؟*

پہلی 2 تصاویر کھولیں۔ بچے سے کہیں: *میں چاہتی/ چاہتا ہوں کہ آپ کہانی سناؤ/ سنائیں۔ ان تصاویر/ تصویروں کو دیکھو/ دیکھیں اور اچھی سی کہانی سناؤ/ سنائیں*"۔ اگر بچہ ہچکچائے تو یہ پرامٹس استعمال کئے جاسکتے ہیں: *"مجھے کہانی سناؤ/ سنائیں"* (تصویر کی طرف اشارہ کریں)۔ جب بچہ پہلی 2 تصاویر سے بتانا ختم کر لے، تو اگلی کھول دیں (اس طرح کہ اب 1 سے 4 تک ساری تصاویر نظر آ رہی ہوں)۔ یہ عمل دہرائیں جب تک کہ کہانی کے اختتام تک نہ پہنچ جائیں۔ اگر بچہ کہانی کے درمیان خاموش ہو جائے تو یہ پرامٹس استعمال کریں: *"کچھ اور؟"* *"بتاتے رہو/ رہیں"*، *"اور بتاؤ/ بتائیں"*، "چلو/

چلیں دیکھتے ہیں کہ کہانی میں اور کیا ہے "۔ اگر بچہ یہ بتائے بغیر کہ اس نے ختم کر لیا ہے، خاموش ہو جائے تو پوچھیں: "جب آپ ختم کر لو/ لیں تو مجھے بتانا/ بتائیں "۔

جب بچہ ختم کر لے تو اس کی تعریف / حوصلہ افزائی کریں اور سمجھ سے متعلق سوالات پوچھیں۔

**کہانی دہرانے کے لئے ہدایات:**

بچے کی مخالف سمت میں / کے سامنے بیٹھیں۔ بچے سے کہیں: " دیکھو /دیکھیں، یہاں 3 لفافے ہیں، ہر لفافے میں مختلف کہانی ہے۔ آپ ایک لو/ لیں اور پھر میں آپ کو کہانی سناؤں گی/ گا "۔ تصاویر اس طرح کھولیں کہ سارا تسلسل صرف بچے کو نظر آئے۔ پہلے پوری کہانی کو دیکھو/ دیکھیں۔ کیا آپ تیار ہو/ ہیں؟ میں آپ کو کہانی سناؤں گی/ گا، پھر آپ کہانی دہرانا/ دوبارہ سنانا/ سنائیں۔

تصویر 1 اور 2 کھولیں۔ کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے: (تصویر 1 پر اشارہ کریں)۔ ایک دن ایک پرندوں کی ماں تھی جس نے دیکھا کہ اس کے بچے بھوکے تھے۔ وہ اُڑی کیونکہ وہ اُن کے لئے کھانا ڈھونڈنا چاہتی تھی- ایک بھوکے بلے نے پرندوں کی ماں کو اڑتے دیکھا اور میاؤں کیا: "مم، اچھا، گھونسلے میں میں کیا دیکھ رہا ہوں؟"

تصویر 3 اور 4 کھولیں (اس طرح کہ اب 1 سے 4 تک ساری تصاویر نظر آ رہی ہوں)۔ پرندوں کی ماں بچوں کے لئے ایک بڑا کیڑا لائی، لیکن اس نے بلے کو نہیں دیکھا۔ وہ اپنے بچوں کے مزیدار کیڑے پر خوش تھی۔ اتنے میں برے بلے نے درخت پر چڑھنا شروع کر دیا کیونکہ وہ پرندے کا بچہ پکڑنا چاہتا تھا۔ اس نے ایک پرندے کا بچہ پکڑ لیا۔ پاس سے گزرتے ہوئے ایک بہادر کتے نے پرندوں کو بہت خطرے میں دیکھا۔ اس نے بلے کو روکنے اور انھیں بچانے کا فیصلہ کیا۔

تصویر 5 اور 6 کھولیں (اس طرح کہ اب 1 سے 6 تک ساری تصاویر نظر آ رہی ہوں)۔ اس نے بلے سے کہا، " پرندے کے بچوں کو اکیلا چھوڑ دو "۔ پھر اس نے بلے کی دم پکڑی اور اسے نیچے کھینچا۔ بلے نے بچے کو چھوڑ دیا اور کتے نے اسے دور بھگایا۔ کتا بہت خوش تھا کہ وہ پرندوں کو بچا سکا، اور بلا ابھی تک بھوکا تھا۔

اور کہانی یہاں ختم ہو گئی۔

تصاویر کھولیں، اس طرح کہ پہلی 2 تصاویر صرف بچے کو نظر آئیں۔ بچے سے کہیں: "میں چاہتی/ چاہتا ہوں کہ اب آپ مجھے کہانی سناؤ/ سنائیں۔ ان تصاویر/ تصویروں کو دیکھو/ دیکھیں اور اچھی سی کہانی سناؤ/ سنائیں "۔ اگر بچہ ہچکچائے تو یہ پرامٹس استعمال کئے جا سکتے ہیں: "مجھے کہانی سناؤ / سنائیں" ( تصویر کی طرف اشارہ کریں)۔ جب بچہ پہلی 2 تصاویر سے بتانا ختم کر لے تو اگلی کھول دیں (اس طرح کہ اب 1 -4 تک ساری تصاویر نظر آ رہی ہوں)۔ یہ عمل دہرائیں جب تک کہ کہانی کے اختتام تک نہ پہنچ جائیں۔ اگر بچہ کہانی کے درمیان خاموش ہو جائے تو یہ پرامٹس استعمال کریں: "کچھ اور؟ " "بتاتے رہو/ رہیں "، "اور بتاؤ/ بتائیں "، " چلو /چلیں دیکھتے ہیں کہ کہانی میں اور کیا ہے "۔ اگر بچہ یہ بتائے بغیر کہ اس نے ختم کر لیا ہے، خاموش ہو جائے تو پوچھیں: "جب آپ ختم کر لو/ لیں تو مجھے بتانا/ بتائیں "۔

جب بچہ ختم کر لے تو اس کی تعریف / حوصلہ افزائی کریں اور سمجھ سے متعلق سوالات پوچھیں۔

**ماڈل کہانی کے لئے ہدایات:**

بچے کی مخالف سمت میں / کے سامنے بیٹھیں۔ بچے سے کہیں: "دیکھو/ دیکھیں، یہاں 3 لفافے ہیں، ہر لفافے میں مختلف کہانی ہے۔ آپ ایک لو/ لیں اور پھر میں آپ کو کہانی سناؤں گی / گا"۔ تصاویر اس طرح کھولیں کہ سارا تسلسل صرف بچے کو نظر آئے۔ پہلے پوری کہانی کو دیکھو/ دیکھیں۔ کیا آپ تیار ہو/ ہیں؟ میں آپ کو کہانی سناؤں گی / گا، پھر آپ سے سوال کروں گی / گا"۔

تصویر 1 اور 2 کھولیں۔ کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے: (تصویر 1 پر اشارہ کریں)۔ ایک دن ایک پرندوں کی ماں تھی جس نے دیکھا کہ اس کے بچے بھوکے تھے۔ وہ اُڑی کیونکہ وہ اُن کے لئے کھانا ڈھونڈنا چاہتی تھی- ایک بھوکے بلے نے پرندوں کی ماں کو اڑتے دیکھا اور میاؤں کیا: "مم، اچھا، گھونسلے میں میں کیا دیکھ رہا ہوں؟"۔

تصویر 3 اور 4 کھولیں (اس طرح کہ اب 1 سے 4 تک ساری تصاویر نظر آ رہی ہوں)۔ پرندوں کی ماں بچوں کے لئے ایک بڑا کیڑا لائی، لیکن اس نے بلے کو نہیں دیکھا۔ وہ اپنے بچوں کے مزیدار کیڑے پر خوش تھی۔ اتنے میں برے بلے نے درخت پر چڑھنا شروع کر دیا کیونکہ وہ پرندے کا بچہ پکڑنا چاہتا تھا۔ اس نے ایک پرندے کا بچہ پکڑ لیا۔ پاس سے گزرتے ہوئے ایک بہادر کتے نے پرندوں کو بہت خطرے میں دیکھا۔ اس نے بلے کو روکنے اور انھیں بچانے کا فیصلہ کیا۔

تصویر 5 اور 6 کھولیں (اس طرح کہ اب 1 سے 6 تک ساری تصاویر نظر آ رہی ہوں)۔ اس نے بلے سے کہا، "پرندے کے بچوں کو اکیلا چھوڑ دو"۔ پھر اس نے بلے کی دم پکڑی اور اسے نیچے کھینچا۔ بلے نے بچے کو چھوڑ دیا اور کتے نے اسے دور بھگایا- کتا بہت خوش تھا کہ وہ پرندوں کو بچا سکا، اور بلا ابھی تک بھوکا تھا۔

اور کہانی یہاں ختم ہو گئی۔

جب آپ یہ بتا چکے کہ اور اب کہانی ختم ہو گئی تو سمجھ سے متعلق سوالات کریں۔

## "پرندے کے بچے" کہانی کے لئے سکورنگ شیٹ

### حصہ اول: بناوٹ (پروڈکشن)

ا- کہانی کی بناوٹ (Story Structure)؛ ب- بناوٹ کی پیچیدگی (Structural Complexity)؛ ج- الفاظ برائے اندرونی کیفیات (IST)

### ا- کہانی کی بناوٹ (Story Structure)

| | | صحیح جوابات کی مثالیں[11] | سکور |
|---|---|---|---|
| ا-1 | ترتیب (Setting) | وقت اور / یا جگہ کا حوالہ، مثلاً ایک دفعہ / ایک دن / بہت پہلے۔۔۔<br>جنگل میں / باغ میں / کھیت میں / پرندوں کے گھونسلے میں / درخت کے اوپر | 0 1 2[12] |
| قسط 1: ماں / پرندہ (قسط کے کردار: پرندوں کی ماں اور پرندے کے بچے) | | | |
| ا-2 | IST بطور ابتدائی واقعہ (As Initiating Event) | **پرندے کے بچے** بھوکے تھے / کو کھانا چاہیے / کھانے کے لئے رو رہے تھے / کھانا مانگ رہے تھے<br>< **ماں / پرندے / وغیرہ** > نے دیکھا کہ پرندے کے بچے بھوکے ہیں / کو کھانا چاہیے | 0 1 |
| ا-3 | مقصد (Goal) | **پرندوں کی ماں** بچوں کو کھانا کھلانا / پکڑنا / لانا / کھانا ڈھونڈنا / کیڑے کھلانا چاہتی تھی<br>فعل (کھانا لینے) + (کے لئے) | 0 1 |
| ا-4 | اقدام (Attempt) | **پرندوں کی ماں** اُڑ گئی / دور چلی گئی / نے کھانا ڈھونڈا / کھانا لا رہی تھی<br>**پرندوں کی ماں** نے- فعل (کھانا لانے) + کوشش کی | 0 1 |
| ا-5 | انجام (Outcome) | **پرندوں کی ماں** کو ملا / نے پکڑا / لائی / کھانے / کیڑے کے ساتھ واپس آئی / بچوں کو کھلایا<br>**پرندے کے بچوں** کو کھانا / کیڑا ملا | 0 1 |
| ا-6 | IST بطور ردِ عمل (As Reaction) | **پرندوں کی ماں** خوش تھی / مطمئن تھی<br>**پرندے کے بچے** خوش تھے / مطمئن تھے / اور بھوکے نہیں تھے | 0 1 |

[11] اگر کوئی شبہ ہو یا بچے کا دیا ہوا جواب سکورنگ شیٹ میں نہ ہو تو کتابچہ (manual) دیکھیں۔

[12] اگر جواب نہ دیا گیا ہو یا غلط ہو تو 0 زیرو / صفر نمبر، صحیح جواب کے لئے 1 نمبر، 2 نمبر جب دونوں، وقت اور جگہ بتائے۔

| نمبر | | جواب | اسکور |
|---|---|---|---|
| قسط 2: بلا (قسط کے کردار: بلا اور پرندے کا بچہ / کے بچے) | | | |
| 7–ا | IST بطور ابتدائی واقعہ<br>(As Initiating Event) | **بلے** نے ماں کو اڑتے ہوئے دیکھا / نے دیکھا کہ پرندے کے بچے اکیلے<br>تھے / دیکھا کہ وہاں کھانا تھا<br>**بلا** بھوکا تھا / **بلے** نے سوچا، "مزیدار" | 1 0 |
| 8–ا | مقصد (Goal) | **بلا** کھانا چاہتا تھا / پکڑنا / مارنا / پرندے کا بچہ / کے بچے<br>فعل + (کھانے، پکڑنے، مارنے) + کے لئے | 1 0 |
| 9–ا | اقدام (Attempt) | **بلا** درخت پر چڑھ رہا تھا / ہے<br>**بلے** نے پرندے کے بچے کے پاس جانے / لینے کی کوشش کی<br>**بلا** (درخت) کے اوپر گیا / **بلے** نے چھلانگ لگائی | 1 0 |
| 10–ا | انجام (Outcome) | **بلے** نے پکڑا / لیا / پرندے کا بچہ<br>**بلے** نے تقریباً + فعل (پکڑا، لے لیا) | 1 0 |
| 11–ا | IST بطور ردِ عمل<br>(As Reaction) | **بلا** خوش تھا<br>**پرندہ** ڈرا ہوا تھا / **پرندے** ڈرے ہوئے تھے / رو رہا تھا / رو رہے تھے /<br>درد سے چیخ رہا تھا / رہے تھے | 1 0 |
| قسط 3: کتا (قسط کے کردار: کتا، بلا اور پرندے کا بچہ / کے بچے) | | | |
| 12–ا | IST بطور ابتدائی واقعہ<br>(As Initiating Event) | **کتے** نے دیکھا کہ پرندہ خطرے میں ہے / نے دیکھا کہ بلے نے پکڑ لیا /<br>پرندہ لے لیا<br>**پرندہ** / **پرندے** خطرے میں تھا / تھے | 1 0 |
| 13–ا | مقصد (Goal) | **کتے** نے فیصلہ کیا / بلے کو روکنا چاہتا تھا<br>**کتے** نے فیصلہ کیا / بچے / بچوں کی مدد کرنا / حفاظت کرنا / بچانا چاہتا تھا<br>فعل (روکنے / پکڑنے / مدد کرنے) + کے لئے | 1 0 |
| 14–ا | اقدام (Attempt) | **کتا** کھینچ رہا / نیچے گھسیٹ رہا / کاٹ رہا / بلے پر حملہ کر رہا / بلے کی دم پکڑ<br>رہا / تھا / ہے<br>**کتے** نے ۔فعل (کھینچنے / گھسیٹنے / نیچے اتارنے) + کی کوشش کی<br>**کتے** نے کھینچا / بلے کو نیچے گھسیٹا / کاٹا / بلے پر حملہ کیا / بلے کی دم پکڑی | 1 0 |
| 15–ا | انجام (Outcome) | **کتے** نے بھگایا (دور) / ڈرایا<br>**بلے** نے پرندے کے بچے کو جانے دیا / بھاگ گیا<br>**پرندہ** بچ گیا / **پرندے** بچ گئے / محفوظ تھا / تھے | 1 0 |
| 16–ا | IST بطور ردِ عمل<br>(As Reaction) | **کتا** مطمئن تھا / خوش تھا (بچا کر فخر محسوس کر رہا تھا / نے پرندے کے بچوں<br>کو بچا لیا تھا) | 1 0 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | **بلا** غصہ تھا/ مایوس تھا/ برا محسوس کر رہا تھا/ ناراض تھا/ ڈرا ہوا تھا/ درد میں تھا/ **بلے** کی دم دُکھ رہی تھی<br>**پرندہ/ پرندے** مطمئن/ خوش/ محفوظ تھا/ تھے<br>**پرندے کی ماں** مطمئن/ خوش تھی | |
| ا–17 | **17 میں سے کل سکور** | | |

## ب۔ بناوٹ کی پیچیدگی (Structural Complexity)

| AO تسلسل کی تعداد | اکیلے G کی تعداد<br>(A یا O کے بغیر) | GA/ GO تسلسل کی تعداد | GAO تسلسل کی تعداد |
|---|---|---|---|
| ب1۔ | ب2۔ | ب3۔ | ب4۔ |
| | | | |

## ج۔ الفاظ برائے اندرونی کیفیات (Internal State Terms - IST)

| | |
|---|---|
| ج1 | ٹوکن میں IST کی کل تعداد۔ IST میں شامل ہیں:<br>**الفاظ برائے کیفیتِ ادراکی/ حالتِ ادراکی** مثلاً دیکھا، سنا، محسوس کیا، سونگھا؛<br>**الفاظ برائے کیفیتِ جسمانی** مثلاً پیاسا، بھوکا، تھکا ہوا، دکھا ہوا، درد میں/ ہو رہا ہے؛<br>**الفاظ برائے آگاہی** مثلاً زندہ، جاگنا، سونا؛<br>**الفاظ برائے جذبات** مثلاً اداس، خوش، غصہ، پریشان، مایوس، ڈرا ہوا، مغرور، محفوظ (محسوس کرنا) بہادر، حیران؛<br>**ذہنی افعال** مثلاً چاہتا، سوچا، جانتا، بھولا، فیصلہ کیا، بھروسہ کرنا، ماننا، حیران، منصوبہ ہے/ بنایا؛<br>**لسانی افعال، / کہنے/ بتانے کے افعال** مثلاً کہا، بلایا، چیخا، خبردار کیا، پوچھا؛ |

## حصہ دوم: سمجھ (کومپریہینشن)

| | | صحیح جوابات کی مثالیں | غلط جوابات کی مثالیں | سکور |
|---|---|---|---|---|
| 0 | کیا آپ کو کہانی اچھی لگی؟ | وارم-اپ کے سوالات، سکور نہیں ہیں | | |
| د-1 | پرندے کی ماں کیوں اڑ گئی؟<br>*(تصاویر 1-2 پر اشارہ کریں)*<br>(قسط 1: مقصد / IST بطور ابتدائی واقعہ) | لینا چاہتی ہے / کھانا لانا / کیڑے، پرندے کے بچوں کے لئے<br>فعل (کھلانے) + کے لئے<br>پرندے کے بچے بھوکے ہیں | جا رہی ہے / کام کے لئے جا رہی ہے<br>باپ / ابو / بابا کو بلانے جا رہی ہے<br>ڈری ہوئی ہے | 1 0 |
| د-2 | پرندے کے بچوں کو کیسا محسوس ہوا / لگا؟ *(تصویر 1 پر اشارہ کریں)*<br>(IST بطور ابتدائی واقعہ) | برا / بھوکا<br>کھانا چاہیے | اچھا / خوش / حیران / اکیلا / ڈرا ہوا / گھبرایا ہوا | 1 0 |
| د-3 | *(د-3 صرف تب پوچھیں اگر بچہ د-2 میں بغیر وضاحت کے صحیح جواب دے۔<br>اگر د-2 میں صحیح وضاحت دی گئی ہے، تو د-3 میں نمبر دیں اور د-4 پر جائیں)۔*<br>آپ کو کیا لگتا ہے کہ پرندے کے بچے برا / بھوکا کیوں محسوس کر رہے ہیں؟[13] | ان کے منہ کھلے ہوئے ہیں / کھانا مانگ رہے ہیں<br>چینخ رہے ہیں: "ہمیں کھانا چاہیئے / ہم بھوکے ہیں"<br>ماں کھانا لینے گئی تھی / ماں ان کو کھلانے کے لئے کیڑا لائی<br>پرندے کے بچے ہر وقت بھوکے ہوتے ہیں۔<br>(عمومی مطلب) | وہ خوش ہیں / گا رہے ہیں<br>ماں کے ساتھ آنا چاہتے تھے<br>بلے سے ڈرے ہوئے ہیں / ڈرے ہوئے تھے کیونکہ انھوں نے بلے کو دیکھا تھا<br>برا / ڈرا ہوا کیونکہ ماں اُڑ کے جا رہی ہے | 1 0 |
| د-4 | بلا درخت پر کیوں چڑھا؟<br>*(تصویر 3 پر اشارہ کریں)*<br>(قسط 2: مقصد) | لینا / مارنا / پرندے کے بچے کو کھانا / مارنا چاہتا ہے<br>پرندے کا بچے لینا چاہتا ہے<br>پرندے کے بچے کو- فعل (لینے / مارنے / کھانے) + کے لئے<br>پرندے کے بچے کو لینے سے رک نہ سکا / جب ماں چلی گئی تو موقعے کا فائدہ اٹھایا<br>بلوں کو پرندے کے بچے کھانا پسند ہے<br>(عمومی مطلب) | پرندے کے بچوں کے ساتھ کھیلنے کے لئے | 1 0 |

[13] بچے کا د-2 کے جواب میں دیا گیا IST استعمال کریں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| د–5 | بلے کو کیسا محسوس ہوا/ لگا؟<br>*(تصویر 6-5 پر اشارہ کریں)*<br>(IST بطور ردِ عمل)۔ | بُرا/ (ابھی تک) بھوکا/ غصہ/ ناراض/ اداس/ ڈرا ہوا/ دکھی/ بے وقوف/ مایوس | اچھا/ ٹھیک/ خوش/ کھیلنا چاہتا ہے/ بھاگ رہا ہے | 10 |
| د–6 | *(د–6 صرف تب پوچھیں اگر بچہ د-5 میں بغیر وضاحت کے صحیح جواب دے۔*<br>*اگر د-5 میں صحیح جواب دے تو د-6 میں نمبر دیں اور د–7 پر جائیں)۔*<br>آپ کو کیا لگتا ہے کہ بلا برا/ بھوکا/ ڈرا ہوا کیوں محسوس کر رہا ہے؟[14] | پرندے کے بچے نہیں ملے/ کامیاب نہیں ہو سکا/ لے نہیں سکا<br>ڈر گیا/ کتے سے ڈر گیا<br>کتا حملہ کر/ کاٹ/ پکڑ/ کھینچ/ بلا کی دُم کو کاٹ رہا ہے<br>*اگر د–5 کا جواب، "بُرا/ غصہ" ہو تو د–6 کا جواب، "پھر بھی بھوکا" ہو سکتا ہے* | خوش/ کھیلنے کے لئے/ اُڑنا شروع کر دیا/ ایسا دِکھ رہا ہے<br>کتے نے بلے کا کھانا لے لیا/<br>کتا بلے کو کھانا چاہتا ہے<br>مجھے نہیں پتا | 10 |
| د–7 | کتے نے بلے کی دُم کیوں پکڑی؟<br>*(تصویر 5 پر اشارہ کریں)۔*<br>(قسط 3: مقصد) | فیصلہ کیا/ حفاظت کرنا/ بچانا/ مدد کرنا چاہتا ہے/ پرندوں کو بچانا چاہتا ہے<br>فیصلہ کیا/ بلے کو روکنا چاہتا ہے/ چاہتا ہے کہ بلا پرندے کو جانے دے<br>فعل (بچانے، محفوظ کرنے، مدد کرنے)+ کے لئے<br>تاکہ پرندہ/ پرندے نہ کھایا/ کھائے/ مارا/ مارے جائے/ جائیں/ زخمی نہ ہو/ ہوں | پرندے خود کھانا چاہتا ہے<br>بلے کو خود کھانا چاہتا ہے/<br>بلے سے کھیلنا چاہتا ہے<br>کتوں کو بلوں سے نفرت ہے/ برے لگتے ہیں (عمومی مطلب) | 10 |
| د–8 | سوچیں/ تصور کریں کہ کتا پرندوں کو دیکھ رہا ہے، کتے کو کیسا محسوس ہوا/ لگا؟<br>*(تصویر 6 پر اشارہ کریں)*<br>(IST بطور ردِ عمل) | اچھا/ خوش/ مطمئن/ فخر/ مدد گار محافظ/ ہیرو کی طرح/ انہیں بچا کے اچھا محسوس کر رہا ہے<br>ان کی حفاظت کرنا اچھا لگتا ہے | بُرا/ غصہ/ ناراض/ اداس/ معذرت/ بیوقوف/ بھوکا<br>"مجھے بلا ضرور لینا چاہیے" | 10 |
| د–9 | *(د–9 صرف تب پوچھیں اگر بچہ د-8 میں بغیر وضاحت کے صحیح جواب دے۔* | بلے کو روکا/ بلے کو وہاں سے بھگایا<br>بچایا/ حفاظت کی/ پرندوں کی مدد کی<br>دیکھا کہ پرندے محفوظ/ خوش/ زخمی نہیں ہیں<br>اب بلا واپس نہیں آئے گا | وہ ہنس رہا ہے/ ایسا دِکھ رہا ہے<br>اس کو بلا نہیں ملا<br>خود پرندے کھانا چاہتا ہے<br>بلے پر غصہ ہے | 10 |

[14] بچے کا د–5 کے جواب میں دیا گیا IST استعمال کریں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | اگر د-8 میں صحیح وضاحت دے، تو د-9 کے نمبر دیں اور د-10 پر جائیں)۔ آپ کو کیا لگتا ہے کہ کتا اچھا/ ٹھیک / خوش / مطمئن کیوں ہے ؟[15] | | | |
| د-10 | پرندوں کی ماں کو کون پسند ہے / اچھا لگتا ہے بلا یا کتا؟ کیوں ؟ | کتا۔ کم از کم ایک وجہ دے (اس نے بچایا/ پرندوں کے بچے کی مدد کی / بلے کو بھگایا/ پرندے پر مہربان تھا) | بلا / مجھے نہیں پتا / کوئی اور غیر متعلقہ جواب | 1 0 |
| د-11 | **10 میں سے کل نمبر** | | | |

[15] بچے کا د-8 کے جواب میں دیا گیا IST استعمال کریں۔

# "بکری کے بچے" کہانی کے لئے پروٹوکول

## کہانی سنانا / کہانی دہرانا / ماڈل کہانی

بچے کا نام: ____________________

تاریخ پیدائش: ____________________

جانچ کی تاریخ: ____________________

جانچ کے وقت عمر (مہینوں میں): ____________________

جنس: ____________________

ایگزامنر کا نام: ____________________

L2 (دوسری زبان) سے شناسائی ____________________

(مہینوں میں)

سکول میں داخلے کی تاریخ: ____________________

سکول کا نام: ____________________

دھیان رہے کہ تمام لفافے جانچ شروع کرنے سے پہلے میز پر موجود ہوں۔ سیشن کو ریکارڈ کرنے کے لئے آڈیو ریکارڈر تیار رکھیں۔ وارمنگ-اپ سے پہلے ریکارڈنگ شروع کر دیں۔

**وارمنگ-اپ:**

مثلاً یہ پوچھیں: آپ کا بہترین / سب سے اچھا دوست کون ہے؟، آپ کو ٹی وی پر کیا دیکھنا پسند ہے؟، کیا آپ کو کہانیاں سنانا پسند ہے؟، کیا آپ کو کہانیاں سننا پسند ہے؟

**ہدایات:**

**کہانی سنانے کے لئے ہدایات:**

بچے کی مخالف سمت میں / کے سامنے بیٹھیں۔ بچے سے کہیں: *"دیکھو / دیکھیں، یہاں 3 لفافے ہیں، ہر لفافے میں مختلف کہانی ہے۔ آپ ایک لو/لیں اور پھر مجھے کہانی سناؤ/سنائیں"*۔ تصاویر اس طرح کھولیں کہ سارا تسلسل صرف بچے کو نظر آئے۔ *پہلے پوری کہانی کو دیکھو/دیکھیں۔ کیا آپ تیار ہو/ہیں؟*

پہلی 2 تصاویر کھولیں۔ بچے سے کہیں: *میں چاہتی / چاہتا ہوں کہ آپ کہانی سناؤ/سنائیں۔ ان تصاویر / تصویروں کو دیکھو / دیکھیں اور اچھی سی کہانی سناؤ/سنائیں"*۔ اگر بچہ ہچکچائے تو یہ پرامٹس استعمال کئے جاسکتے ہیں: *"مجھے کہانی سناؤ/سنائیں"* (تصویر کی طرف اشارہ کریں)۔ جب بچہ پہلی 2 تصاویر سے بتانا ختم کرلے، تو اگلی کھول دیں (اس طرح کہ اب 1 سے 4 تک ساری تصاویر نظر آرہی ہوں)۔ یہ عمل دہرائیں جب تک کہ کہانی کے اختتام تک نہ پہنچ جائیں۔ اگر بچہ کہانی کے درمیان خاموش ہو جائے تو یہ پرامٹس استعمال کریں: *"کچھ اور؟" "بتاتے رہو/رہیں"، "اور بتاؤ/بتائیں"، "چلو /*

چلیں دیکھتے ہیں کہ کہانی میں اور کیا ہے "۔ اگر بچہ یہ بتائے بغیر کہ اس نے ختم کر لیا ہے، خاموش ہو جائے تو پوچھیں: "جب آپ ختم کر لو/لیں تو مجھے بتانا/بتائیں "۔

جب بچہ ختم کر لے تو اس کی تعریف / حوصلہ افزائی کریں اور سمجھ سے متعلق سوالات پوچھیں۔

**کہانی دہرانے کے لئے ہدایات:**

بچے کی مخالف سمت میں / کے سامنے بیٹھیں۔ بچے سے کہیں: "دیکھو/ دیکھیں، یہاں 3 لفافے ہیں، ہر لفافے میں مختلف کہانی ہے۔ آپ ایک لو/لیں اور پھر میں آپ کو کہانی سناؤں گی/ گا "۔ تصاویر اس طرح کھولیں کہ سارا تسلسل صرف بچے کو نظر آئے۔ پہلے پوری کہانی کو دیکھو/ دیکھیں۔ کیا آپ تیار ہو/ ہیں؟ میں آپ کو کہانی سناؤں گی/ گا، پھر آپ کہانی دہرانا/ دوبارہ سنانا/ سنائیں۔

تصویر 1 اور 2 کھولیں۔ کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے: (تصویر 1 پر اشارہ کریں)۔ ایک دن ایک ماں بکری تھی جس نے دیکھا کہ اس کا بچہ پانی میں گر گیا اور ڈرا ہوا تھا۔ اس نے پانی میں چھلانگ لگائی کیونکہ وہ اسے بچانا چاہتی تھی۔ ایک بھوکی لومڑی نے ماں بکری کو پانی میں دیکھا اور غرائی: "مم، اچھا، گھاس پر میں کیا دیکھ رہی ہوں؟"۔

تصویر 3 اور 4 کھولیں (اس طرح کہ اب 1 سے 4 تک ساری تصاویر نظر آ رہی ہوں)۔ ماں بکری نے بچے کو پانی سے باہر دھکیلا، لیکن اس نے لومڑی کو نہیں دیکھا۔ وہ خوش تھی کہ اس کا بچہ نہیں ڈوبا۔ اتنے میں بری لومڑی نے آگے چھلانگ لگائی، کیونکہ وہ دوسرے بچے کو پکڑنا چاہتی تھی۔ اس نے بکری کا بچہ پکڑ لیا۔ پاس سے گزرتے / اڑتے ہوئے ایک بہادر پرندے نے بکری کے بچے کو بہت خطرے میں دیکھا۔ اس نے لومڑی کو روکنے اور بکری کے بچے کو بچانے کا فیصلہ کیا۔

تصویر 5 اور 6 کھولیں (اس طرح کہ اب 1 سے 6 تک ساری تصاویر نظر آ رہی ہوں)۔ پرندے نے لومڑی سے کہا، "بکری کے بچے کو اکیلا چھوڑ دو"۔ پھر وہ نیچے آیا اور لومڑی کی دُم پر کاٹا۔ لومڑی نے بکری کے بچے کو جانے دیا اور پرندے نے اسے دور بھگایا۔ پرندہ بہت خوش تھا کہ وہ بکری کے بچے کو بچا سکا اور لومڑی ابھی تک بھوکی تھی۔

اور کہانی یہاں ختم ہو گئی۔

تصاویر کھولیں، اس طرح کہ پہلی 2 تصاویر صرف بچے کو نظر آئیں۔ بچے سے کہیں: "میں چاہتی / چاہتا ہوں کہ اب آپ مجھے کہانی سناؤ/ سنائیں۔ ان تصاویر / تصویروں کو دیکھو/ دیکھیں اور اچھی سی کہانی سناؤ/ سنائیں "۔ اگر بچہ ہچکچائے تو یہ پرامٹس استعمال کئے جاسکتے ہیں: "مجھے کہانی سناؤ / سنائیں" (تصویر کی طرف اشارہ کریں)۔ جب بچہ پہلی 2 تصاویر سے بتانا ختم کر لے تو اگلی کھول دیں (اس طرح کہ اب 1-4 تک ساری تصاویر نظر آ رہی ہوں)۔ یہ عمل دہرائیں جب تک کہ کہانی کے اختتام تک نہ پہنچ جائیں۔ اگر بچہ کہانی کے درمیان خاموش ہو جائے تو یہ پرامٹس استعمال کریں: "کچھ اور؟ " "بتاتے رہو/ رہیں "، "اور بتاؤ/ بتائیں "، " چلو /چلیں دیکھتے ہیں کہ کہانی میں اور کیا ہے "۔ اگر بچہ یہ بتائے بغیر کہ اس نے ختم کر لیا ہے، خاموش ہو جائے تو پوچھیں: "جب آپ ختم کر لو/لیں تو مجھے بتانا/ بتائیں "۔

جب بچہ ختم کر لے تو اس کی تعریف / حوصلہ افزائی کریں اور سمجھ سے متعلق سوالات پوچھیں۔

## ماڈل کہانی کے لئے ہدایات:

بچے کی مخالف سمت میں / کے سامنے بیٹھیں۔ بچے سے کہیں: "دیکھو / دیکھیں، یہاں 3 لفافے ہیں، ہر لفافے میں مختلف کہانی ہے۔ آپ ایک لو / لیں اور پھر میں آپ کو کہانی سناؤں گی / گا"۔ تصاویر اس طرح کھولیں کہ سارا تسلسل صرف بچے کو نظر آئے۔ پہلے پوری کہانی کو دیکھو / دیکھیں۔ کیا آپ تیار ہو / ہیں؟ میں آپ کو کہانی سناؤں گی / گا، پھر آپ سے سوال کروں گی / گا"۔

تصویر 1 اور 2 کھولیں۔ کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے: (تصویر 1 پر اشارہ کریں)۔ ایک دن ایک ماں بکری تھی جس نے دیکھا کہ اس کا بچہ پانی میں گر گیا اور ڈرا ہوا تھا۔ اس نے پانی میں چھلانگ لگائی کیونکہ وہ اسے بچانا چاہتی تھی۔ ایک بھوکی لومڑی نے ماں بکری کو پانی میں دیکھا اور غرائی: "مم، اچھا، گھاس پر میں کیا دیکھ رہی ہوں؟"۔

تصویر 3 اور 4 کھولیں (اس طرح کہ اب 1-4 تک ساری تصاویر نظر آ رہی ہوں)۔ ماں بکری نے بچے کو پانی سے باہر دھکیلا، لیکن اس نے لومڑی کو نہیں دیکھا۔ وہ خوش تھی کہ اس کا بچہ نہیں ڈوبا۔ اتنے میں بری لومڑی نے آگے چھلانگ لگائی، کیونکہ وہ دوسرے بچے کو پکڑنا چاہتی تھی۔ اس نے بکری کا بچہ پکڑ لیا۔ پاس سے گزرتے / اڑتے ہوئے ایک بہادر پرندے نے بکری کے بچے کو بہت خطرے میں دیکھا۔ اس نے لومڑی کو روکنے اور بکری کے بچے کو بچانے کا فیصلہ کیا۔

تصویر 5 اور 6 کھولیں (اس طرح کہ اب 1 سے 6 تک ساری تصاویر نظر آ رہی ہوں)۔ پرندے نے لومڑی سے کہا، "بکری کے بچے کو اکیلا چھوڑ دو"۔ پھر وہ نیچے آیا اور لومڑی کی دُم پر کاٹا۔ لومڑی نے بکری کے بچے کو جانے دیا اور پرندے نے اسے دور بھگایا۔ پرندہ بہت خوش تھا کہ وہ بکری کے بچے کو بچا سکا اور لومڑی ابھی تک بھوکی تھی۔

اور کہانی یہاں ختم ہوگئی

جب آپ یہ بتا چکے کہ اور اب کہانی ختم ہوگئی تو سمجھ سے متعلق سوالات کریں۔

## "بکری کے بچے" کہانی کے لئے سکورنگ شیٹ

### حصہ اول: بناوٹ (پروڈکشن)

ا- کہانی کی بناوٹ (Story Structure)؛ ب- بناوٹ کی پیچیدگی (Structural Complexity)؛ ج- الفاظ برائے اندرونی کیفیات (IST)

### ا- کہانی کی بناوٹ (Story Structure)

| | | صحیح جوابات کی مثالیں[16] | سکور |
|---|---|---|---|
| ا-1 | ترتیب (Setting) | وقت اور / یا جگہ کا حوالہ، مثلاً ایک دفعہ / ایک دن / بہت پہلے۔۔۔<br>جنگل میں / باغ میں / کھیت میں / جھیل کے کنارے / جھیل پر / ندی پر | 0 1 2[17] |
| | | *قسط 1: ماں / بکری (قسط کے کردار: بکری کا بچہ اور ماں / بکری)* | |
| ا-2 | IST بطور ابتدائی واقعہ<br>(As Initiating Event) | **بکری کا بچہ** ڈرا ہوا تھا / خطرے میں تھا / کو مدد چاہیے تھی / رو رہا تھا (مدد کے لئے) / ماں کو بلا رہا تھا<br><**ماں / بکری / وغیرہ**> نے دیکھا کہ اس کا بچہ ڈرا ہوا تھا / خطرے میں / ڈوب رہا تھا / تیر نہیں سکتا تھا<br><**ماں / بکری / وغیرہ**>، اپنے بچے کے لئے جو پانی میں تھا، اس کے لئے پریشان تھی | 0 1 |
| ا-3 | مقصد (Goal) | **ماں بکری** بچے کی مدد کرنا / حفاظت کرنا / بچے کو بچانا / بچے کو پانی سے باہر نکالنا / دھکا دینا چاہتی ہے<br>**بچے** کو - فعل (بچانے، مدد) + (کے لئے) | 0 1 |
| ا-4 | اقدام (Attempt) | **ماں بکری** بھاگی / پانی میں گئی<br>**ماں بکری** دھکا دے رہی ہے / مدد کر رہی ہے<br>**ماں بکری** نے کوشش کی + فعل (مدد کرنے کی / دھکا دینے کی) | 0 1 |
| ا-5 | انجام (Outcome) | **ماں بکری** نے بچے کو پانی سے باہر دھکا دیا / حفاظت کی / بچایا / بچے کی مدد کی<br>**بکری کا بچہ** بچ گیا / پانی سے باہر آ گیا | 0 1 |
| ا-6 | IST بطور ردِ عمل<br>(As Reaction) | **ماں بکری** خوش تھی / مطمئن تھی<br>**بکری کا بچہ** خوش تھا / مطمئن / خوش / پر سکون / اب اور ڈرا ہوا نہیں تھا | 0 1 |

[16] اگر کوئی شبہ ہو یا بچے کا دیا ہوا جواب سکورنگ شیٹ میں نہ ہو تو کتابچہ (manual) دیکھیں۔

[17] اگر جواب نہ دیا گیا ہو یا غلط ہو تو 0 زیرو / صفر نمبر، صحیح جواب کے لئے 1 نمبر، 2 نمبر جب دونوں، وقت اور جگہ بتائے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| قسط2: لومڑی (قسط کے کردار: لومڑی اور بکری کا بچہ) | | | |
| ا–7 | IST بطور ابتدائی واقعہ<br>( As Initiating Event ) | **لومڑی** نے ماں کو دور دیکھتے ہوئے دیکھا / دیکھا کہ بچہ اکیلا تھا / دیکھا کہ وہاں کھانا تھا<br>**لومڑی** بھوکی تھی / سوچا، "مزیدار" | 1 0 |
| ا–8 | مقصد ( Goal ) | **لومڑی** کھانا / پکڑنا / بکری کے بچے کو مارنا چاہتی تھی<br>**فعل** ( کھانے، پکڑنے، مارنے، لینے ) + کے لئے | 1 0 |
| ا–9 | اقدام ( Attempt ) | **لومڑی** نے آگے چھلانگ لگائی / اوپر / بکری کے بچے کی طرف چھلانگ لگائی<br>**لومڑی** نے بکری کے بچے تک پہنچنے / کو لینے / پکڑنے کی کوشش کی | 1 0 |
| ا–10 | انجام ( Outcome ) | **لومڑی** کو بکری کا بچہ ملا / نے لے لیا / پکڑا<br>**لومڑی** کو / نے تقریباً + **فعل** (ملا، پکڑا) | 1 0 |
| ا–11 | IST بطور ردِ عمل<br>(As Reaction) | **لومڑی** خوش تھی<br>**بکری کا بچہ** ڈرا ہوا تھا / رو رہا تھا / درد سے چیخ رہا تھا | 1 0 |
| قسط3: پرندہ (قسط کے کردار: پرندہ، لومڑی اور بکری کا بچہ) | | | |
| ا–12 | IST بطور ابتدائی واقعہ<br>( As Initiating Event ) | < **پرندہ / کوا / وغیرہ** ><br>نے دیکھا کہ بکری خطرے میں ہے / نے دیکھا کہ لومڑی نے بکری کو پکڑ لیا / لے لیا<br>**بکری کا بچہ** خطرے میں تھا | 1 0 |
| ا–13 | مقصد ( Goal ) | **پرندے** نے فیصلہ کیا / لومڑی کو روکنا چاہتا تھا<br>**پرندے** نے فیصلہ کیا / بکری کے بچے کی مدد کرنا / حفاظت کرنا / کو بچانا چاہتا تھا<br>**فعل** (روکنے، بچانے، مدد) + (کے لیے) | 1 0 |
| ا–14 | اقدام ( Attempt ) | **پرندہ** لومڑی کو کاٹ رہا / لومڑی کی دم / لومڑی کو کھینچ رہا تھا / ہے<br>**پرندے** نے لومڑی کو کاٹا / گھسیٹا / کھینچا / لومڑی کی دم پکڑ لی / لومڑی پر حملہ کیا<br>**پرندے** نے - **فعل** (لومڑی کو پیچھے ہٹانے کی / بھگانے کی)<br>+ کوشش کی | 1 0 |
| ا–15 | انجام ( Outcome ) | **پرندے** نے لومڑی کو بھگایا (دور) / لومڑی کو ڈرایا / دور<br>**لومڑی** نے بکری کے بچے کو جانے دیا / بھاگ گیا<br>**بکری کا بچہ** محفوظ تھا / بچ گیا | 1 0 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 16–ا | IST بطور ردِ عمل ( As Reaction ) | **پرندہ** مطمئن تھا/خوش تھا/بچا کر فخر محسوس کر رہا تھا/(نے بکری کے بچے کو بچا لیا تھا)<br>**لومڑی** غصہ تھی/مایوس تھی/برا محسوس کر رہی تھی/ناراض تھی/ڈری ہوئی تھی/درد تھا/لومڑی کی دم دُکھ رہی تھی<br>**بکری کا بچہ/کے بچے** مطمئن/خوش/محفوظ تھا/تھے<br>**ماں بکری** مطمئن/خوش تھی | 1 0 |
| 17–ا | **17 میں سے کل سکور** | | |

**ب۔ بناوٹ کی پیچیدگی ( Structural Complexity)**

| AO تسلسل کی تعداد | اکیلے G کی تعداد (A یا O کے بغیر) | GO/GA تسلسل کی تعداد | GAO تسلسل کی تعداد |
|---|---|---|---|
| ب1۔ | ب2۔ | ب3۔ | ب4۔ |
| | | | |

**ج۔ الفاظ برائے اندرونی کیفیات (Internal State Terms - IST)**

| | |
|---|---|
| ج1 | ٹوکن میں IST کی کل تعداد۔ IST میں شامل ہیں:<br>**الفاظ برائے کیفیتِ ادراکی/حالتِ ادراکی** مثلاً دیکھا، سنا، محسوس کیا، سونگھا۔<br>**الفاظ برائے کیفیتِ جسمانی** مثلاً پیاسا، بھوکا، تھکا ہوا، دکھا ہوا، درد میں/ہو رہا ہے۔<br>**الفاظ برائے آگاہی** مثلاً زندہ، جاگنا، سونا۔<br>**الفاظ برائے جذبات** مثلاً اداس، خوش، غصہ، پریشان، مایوس، ڈرا ہوا، مغرور، محفوظ (محسوس کرنا) بہادر، حیران۔<br>**ذہنی افعال** مثلاً چاہتا، سوچا، جانتا، بھولا، فیصلہ کیا، بھروسہ کرنا، ماننا، حیران، **منصوبہ** ہے/بنایا۔<br>**لسانی افعال،/کہنے/بتانے کے افعال** مثلاً کہا، بلایا، چیخا، خبردار کیا، پوچھا۔ |

## حصہ دوم: سمجھ (کومپریہینشن)

| سکور | غلط جوابات کی مثالیں | صحیح جوابات کی مثالیں | | |
|---|---|---|---|---|
| وارم۔اپ کے سوالات، سکور نہیں ہیں | | | کیا آپ کو کہانی اچھی لگی؟ | 0 |
| 1 0 | تیر رہی ہے / کھیل رہی ہے / نہانا / خود کو دھونا چاہتی ہے / بکری کے بچے کو دھونے / ٹھنڈا ہونے / پینے کے لئے | بچانا / مدد کرنا / بکری کے بچے کو بچانا چاہتی ہے<br>بکری کے بچے کی / کو - فعل (مدد کرنے، محفوظ کرنے، بچانے) + (کے لئے)<br>بکری کے بچے کے لئے پریشان تھی<br>بکری کا بچہ مدد کے لئے رو رہا تھا / خطرے میں تھا / ڈرا ہوا تھا | ماں بکری پانی میں کیوں تھی؟<br>*(تصاویر 1-2 پر اشارہ کریں)*<br>(قسط 1: مقصد / IST بطور ابتدائی واقعہ) | د-1 |
| 1 0 | اچھا / ٹھیک / کھیل رہا ہے / ٹھنڈ لگ رہی ہے / تر وتازہ / سرد / بھوکا / پیاسا / گندا / صاف / بیوقوف | برا / ڈرا ہوا / خطرے میں / پریشان چاہتا ہے کہ اسے بچایا جائے | بکری کے بچے کو کیسا محسوس ہوا / لگا؟<br>*(تصویر 1 میں پانی میں بکری کے بچے پر اشارہ کریں)*<br>(IST بطور ابتدائی واقعہ) | د-2 |
| 1 0 | وہ بھوکا / پیاسا / تیر / پانی میں کھیل رہا ہے / وہاں کھڑے ہونے کی اجازت نہیں تھی | وہ پانی میں گر گیا / پانی سے باہر نہیں آ پا رہا ہے / ڈوب رہا ہے / تیر نہیں سکتا<br>چینخ رہا ہے / چلا رہا ہے<br>"مدد / بچاؤ، میں ڈوب رہا ہوں!"<br>بچے تیر نہیں سکتے<br>(عمومی مطلب) | *(د-3 صرف تب پوچھیں اگر بچہ د-2 میں بغیر وضاحت کے صحیح جواب دے۔*<br>*اگر د-2 میں صحیح وضاحت دے، تو د-3 میں نمبر دیں اور د-4 پر جائیں)۔*<br>آپ کو کیا لگتا ہے کہ بکری کا بچہ برا / ڈرا ہوا / خطرے میں کیوں محسوس کر رہا ہے؟[18] | د-3 |
| 1 0 | بکری کے بچے کے ساتھ کھیلنے کے لئے | بکری کے بچے کو لینا / مارنا / کھانا چاہتی ہے<br>بکری کا بچہ چاہیئے<br>بکری کے بچے - فعل (لینے / مارنے) + (کے لئے)<br>بکری کے بچے کو لینے سے رُک نہ سکی / | لومڑی نے چھلانگ کیوں لگائی / آگے کیوں بڑھی؟ *(تصویر 3 پر اشارہ کریں)*<br>(قسط 2: مقصد) | د-4 |

[18] بچے کا د-2 کے جواب میں دیا گیا IST استعمال کریں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | جب ماں نہیں / دور دیکھ رہی تھی تو موقعے کا فائدہ اٹھایا<br>لومڑی کو بکری (بچے) کھانا پسند ہے<br>(عمومی مطلب) | | |
| د-5 | لومڑی کو کیسا محسوس ہوا / لگا؟<br>*(تصویر 6-5 پر اشارہ کریں)*<br>(IST بطور ردِ عمل) | برا / (ابھی تک) بھوکا / غصہ / ناراض / اداس / ڈرا ہوا / تکلیف میں / بیوقوف / مایوس | اچھا / خوش / کھیل / دوڑ رہی تھی | 1 0 |
| د-6 | *(د-6 صرف تب پوچھیں اگر بچہ د-5 میں بغیر وضاحت کے صحیح جواب دے۔ اگر د-5 میں صحیح جواب دے تو د-6 میں نمبر دیں اور د-7 پر جائیں)۔*<br>آپ کو کیا لگتا ہے کہ لومڑی برا / ڈرا ہوا / بھوکا / مایوس کیوں محسوس کر رہی ہے؟[19] | بکری کا بچہ نہیں ملا / کامیاب نہیں ہو سکی / لے نہیں سکی<br>ڈر گئی / پرندے سے ڈر گئی<br>پرندہ حملہ / کاٹ / پکڑ / کھینچ / لومڑی کی دُم کو کاٹ رہا ہے / تھا<br>*اگر د-5 کا جواب، "برا / غصہ" ہو تو د-6 کا جواب، "پھر بھی بھوکی" ہو سکتا ہے* | لومڑی دور بھاگ رہی تھی / ایسا لگتا ہے<br>پرندے نے لومڑی کا کھانا لے لیا<br>پرندہ لومڑی کا کھانا لینا چاہتا ہے<br>مجھے نہیں پتا | 1 0 |
| د-7 | پرندے نے لومڑی کی دُم پر کیوں کاٹا؟<br>*(تصویر 5 پر اشارہ کریں)*<br>(قسط 3: مقصد) | فیصلہ کیا / بکری کے بچے کی حفاظت کرنا / بچانا / مدد کرنا چاہتا ہے<br>فیصلہ کیا / لومڑی کو روکنا چاہتا ہے / چاہتا ہے کہ لومڑی بکری کو جانے دے<br>فعل (بچانے، محفوظ کرنے، مدد کرنے) + کے لئے<br>تاکہ بکری نہ کھائی جائے / ماری جائے / زخمی ہو | خود بکری کھانا چاہتا ہے<br>لومڑی کو کھانا چاہتا ہے<br>لومڑی کے ساتھ کھیلنا چاہتا ہے<br>پرندے کو لومڑی سے نفرت ہے / پرندے کو لومڑی پسند نہیں ہے<br>(عمومی مطلب) | 1 0 |
| د-8 | سوچیں / تصور کریں کہ پرندہ بکریوں کو دیکھ رہا ہے۔ پرندے کو کیسا محسوس ہوا / لگا؟<br>*(تصویر 6 پر اشارہ کریں)*<br>(IST بطور ردِ عمل) | ٹھیک / اچھا / خوش / مطمئن / فخر / مددگار /<br>محافظ / ہیرو کی طرح<br>ان کی حفاظت کرنا پسند ہے | برا / غصہ / اداس / ناراض / شرمندہ / بیوقوف / بھوکا<br>"مجھے لومڑی لینی چاہیے" | 1 0 |
| د-9 | *(د-9 صرف تب پوچھیں اگر بچہ د-8 میں بغیر وضاحت کے صحیح جواب دے۔* | لومڑی کو روکا / پکڑا / وہاں سے لومڑی کو بھگایا | وہ مسکرا رہا ہے / ایسا لگتا ہے کہ لومڑی نہیں ملی | 1 0 |

[19] بچے کا د-5 کے جواب میں دیا گیا IST استعمال کریں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | *اگر د-8 میں صحیح وضاحت دے، تو د-9 کے نمبر دیں اور د-10 پر جائیں)۔* آپ کو کیا لگتا ہے کہ پرندہ کیوں اچھا/ خوش/ ٹھیک محسوس کر رہا ہے؟[20] | حفاظت کی/ بچایا/ بکریوں کی مدد کی دیکھا کہ بکریاں محفوظ/ خوش/ نقصان سے محفوظ ہیں اب لومڑی واپس نہیں آئے گی | بکری کے بچے خود کھانا چاہتا ہے لومڑی پر غصہ ہے | |
| د-10 | ماں بکری کو کون پسند ہے، لومڑی یا پرندہ؟ کیوں؟ | پرندہ۔ کم از کم ایک وجہ بتائے (اس نے بچایا/ بکری کے بچے کی مدد کی/ لومڑی کو دور بھگایا/ بکری پر مہربان تھا) | لومڑی/ مجھے نہیں پتا/ کوئی اور غیر متعلقہ جواب | 1 0 |
| د-11 | **10 میں سے کل نمبر:** | | | |

[20] بچے کا د-8 کے جواب میں دیا گیا IST استعمال کریں۔

# پس منظر کے سوالات

1۔ بچے کا نام (پہلا نام، خاندانی نام) ______________________

2۔ تاریخ پیدائش ______________________

3۔ کیا آپ کا بچہ ابھی کے۔جی / ڈے کیئر / سکول جا رہا ہے؟

-ہاں، کے جی
______ (سال، مہینہ) سے
-نہیں
اگر ہاں تو کس قسم کی کے جی؟
-دو زبانوں والی
-ایک زبان L1 والی = بچے کی مادری زبان
-ایک زبان L2 والی = بچے کی دوسری زبان
-کچھ اور، کس قسم کا کچھ اور؟
______________________

-ہاں، سکول
______ (سال، مہینہ) سے
-نہیں
اگر ہاں تو کس قسم کا سکول؟
-دو زبانوں والا
-ایک زبان L1 والا = بچے کی مادری زبان
-ایک زبان L2 والا = بچے کی دوسری زبان
-کچھ اور، کس قسم کا کچھ اور؟
______________________

4۔ آپ کا بچہ کس ملک میں پیدا ہوا تھا؟

- L1 (پہلی / مادری زبان) والے ملک میں؟ کون سا؟ ______
- L2 (دوسری زبان) والے ملک میں؟ کون سا؟ ______
- کسی اور ملک میں؟ کون سا؟ ______

5۔ آپ کا بچہ L2 (دوسری زبان) والے ملک میں کب سے رہ رہا ہے؟ ______ (سال، مہینہ)

6۔ پیدائش کا نمبر (بچوں میں نمبر)

- 1
- 2
- 3
- نمبر لکھیں ______

7۔ آپ کے بچے کی عمر کیا تھی، جب اس نے پہلا لفظ بولا؟

______ سال ______ مہینے

8۔ کیا آپ کبھی اپنے بچے کی زبان (بولنے) کی وجہ سے فکر مند ہوئے ہیں؟

- نہیں
- ہاں، وضاحت کریں، کیوں؟ ______________________

9۔ کیا آپ کے خاندان میں کسی کو بولنے کے حوالے سے کوئی مسئلہ ہے؟

- نہیں
- ہاں، وضاحت کریں، کون؟ ____________________

مثلاً ماں، باپ، بہن، بھائی

10۔ کیا آپ کے بچے کو کبھی سننے کے حوالے سے کوئی مسئلہ ہوا ہے؟

سننے کا مسئلہ
- نہیں
- ہاں

متواتر کان کا انفیکشن
- نہیں
- ہاں، کتنی دفعہ؟ ____________
- گروٹس (کان کی نالی)

11- کیا آپ کے خیال میں آپ کا بچہ ٹھیک سنتا ہے؟

- نہیں
- ہاں

12-والدین کے متعلق معلومات

| | اپنی پہلی (مادری) زبان L1 درج کریں | اپنی دوسری زبان L2 درج کریں | دیگر زبانیں جو آپ بولتے ہیں، درج کریں | آپ کتنے عرصے سے ملک میں رہ رہے ہیں | آپ کی تعلیم | آپ کا پیشہ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ماں / والدہ | | | | | | |
| باپ / والد | | | | | | |

13۔ آپ اپنے بچے کے ساتھ کون سی زبان بولتے ہیں؟

ماں / والدہ
-میری مادری (پہلی) زبان ( L1 )
-میری دوسری زبان ( L2 )
-دونوں مادری (پہلی) اور دوسری زبان
-کوئی اور زبان (زبانیں)، وضاحت کریں، کون سی / سیں

____________________

باپ / والد
-میری مادری (پہلی) زبان ( L1 )
-میری دوسری زبان ( L2 )
-دونوں مادری (پہلی) اور دوسری زبان
-کوئی اور زبان (زبانیں)، وضاحت کریں، کون سی / سیں

____________________

**14۔ آپ کا بچہ اب کون سی زبانیں بولتا ہے؟**

-بچے کی L1 (پہلی / مادری زبان) جو ہے: ____________

-بچے کی L2 (دوسری زبان) جو ہے: ____________

-دوسری زبانیں، جو ہیں: ____________

**15۔ آپ کا بچہ کون کون سی زبانیں سنتا ہے؟**

-بچے کی L1 (پہلی / مادری زبان)

-بچے کی L2 (دوسری زبان)

-دوسری زبانیں، جو ہیں: ____________

**16۔ کس عمر میں آپ کے بچے کی L2 (دوسری زبان) سے شناسائی شروع ہوئی؟**

-پیدائش سے

۔1 سال کی عمر سے پہلے

-2 سال کی عمر سے پہلے

-3 سال کی عمر سے پہلے

-5 سال کی عمر سے پہلے

-کس عمر سے ______

**17۔ کیا آپ کے بچے کی L2 (دوسری زبان) سے شناسائی ____________ سے ہوئی؟**

۔کے۔جی یا سکول

۔دوستوں کے ساتھ

۔بہن بھائی / والدین / دوسرے رشتے دار

۔ٹی۔وی / کمپیوٹر

-کچھ اور ____________

| **18۔ فیصد کے حساب سے اندازہ لگائیں کہ آپ کا بچہ روزانہ کتنی مختلف زبانیں سنتا ہے (پورے دن کی سرگرمیاں ملا کر)؟** | اس کی مادری زبان (L1) | اس کی دوسری زبان (L2) | کوئی اور زبان (زبانیں) |
|---|---|---|---|
| | - 25٪ | - 25٪ | - 25٪ |
| | - 50٪ | - 50٪ | - 50٪ |
| | - 75٪ | - 75٪ | - 75٪ |
| | - 100٪ | - 100٪ | - 100٪ |

| **19۔ براہِ مہربانی، اپنے بچے کی بولنے کی صلاحیت کا صحیح ڈبے میں نشان لگا کر اندازہ لگائیں** | بہت اچھی | اچھی | بری | بہت بری |
|---|---|---|---|---|
| آپ کا بچہ اپنی مادری (پہلی) زبان ( L1 ) کو کتنا سمجھتا ہے؟ | | | | |
| آپ کا بچہ اپنی دوسری زبان ( L2 ) کو کتنا سمجھتا ہے؟ | | | | |
| آپ کا بچہ اپنی مادری (پہلی) زبان ( L1 ) کو کتنا اچھا بولتا ہے؟ | | | | |
| آپ کا بچہ اپنی دوسری زبان ( L2 ) کو کتنا اچھا بولتا ہے؟ | | | | |

20- آپ کے خیال میں، آپ کا بچہ کون سی زبان سب سے بہتر بولتا ہے؟

- اپنی مادری (پہلی) زبان
- اپنی دوسری زبان
- کوئی اور زبان، جو ہے ________________

21- آپ کے خیال میں، کیا آپ کا بچہ کسی ایک زبان کو دوسروں پر زیادہ ترجیح دیتا ہے؟

- نہیں
- ہاں، کون سی ؟ ____________________

| 22- براہِ مہربانی، نیچے دی گئی سرگرمیوں میں سے پچھلے مہینے میں اپنے بچے کے ساتھ کی گئی سرگرمیوں کی تعداد کا اندازہ لگائیں | اس کی مادری (پہلی) زبان ( L1 ) | | | | اس کی دوسری زبان ( L2 ) | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | کبھی نہیں | مہینے میں 2 دفعہ | ہفتے میں 1 یا 2 دفعہ | تقریباً روزانہ | کبھی نہیں | مہینے میں 2 دفعہ | ہفتے میں 1 یا 2 دفعہ | تقریباً روزانہ |
| کہانیاں سنانا | | | | | | | | |
| کتابیں پڑھنا | | | | | | | | |
| گانے سننا یا گانا | | | | | | | | |
| ٹی وی / ڈی وی ڈی / فلمیں / کمپیوٹر گیم دیکھنا | | | | | | | | |

# کہانیوں کے سکرپٹ

مندرجہ ذیل کہانیوں کے سکرپٹ ماڈل کہانی اور / یا کہانی دہرانے کے لئے ترغیباتی کام کریں گے۔ یہ سکرپٹ میکرو اور مائیکرو سٹرکچر کے حساب سے متوازی ہیں اور کوڈنگ اور تجزیے کے لئے بھی استعمال کئے جاسکتے ہیں۔

کہانی کی بناوٹ کے جزو اور الفاظ برائے اندرونی کیفیات کی نشان اندازی (Marking) مندرجہ ذیل طریقے سے کی گئی ہے:

مقصد (Goal)　　اقدام (Attempt)　　انجام (Outcome)　　*الفاظ برائے اندرونی کیفیات*

**پرندے کے بچے** (الفاظ کی کل تعداد = 178)

**تصویر 1 / 2:** ایک دن ایک پرندوں کی ماں تھی جس نے *دیکھا* کہ اس کے بچے *بھوکے* تھے۔ وہ اُڑی کیونکہ وہ اُن کے لئے کھانا ڈھونڈنا *چاہتی* تھی۔ ایک *بھوکے* بلے نے پرندوں کی ماں کو اڑتے *دیکھا* اور *میاؤں کیا*: "مم، اچھا، گھونسلے میں میں کیا دیکھ رہا ہوں؟"۔

**تصویر 3 / 4:** پرندوں کی ماں بچوں کے لئے ایک بڑا کیڑا لائی، لیکن اس نے بلے کو نہیں *دیکھا*۔ وہ اپنے بچوں کے مزید ار کیڑے پر *خوش* تھی۔ اتنے میں برے بلے نے درخت پر چڑھنا شروع کر دیا کیونکہ وہ پرندے کا بچہ پکڑنا *چاہتا* تھا۔ اس نے ایک پرندے کا بچہ پکڑ لیا۔ پاس سے گزرتے ہوئے ایک *بہادر* کتے نے پرندوں کو بہت خطرے میں *دیکھا*۔ اس نے بلے کو روکنے اور انھیں بچانے کا *فیصلہ کیا*۔

**تصویر 5 / 6:** اس نے بلے سے *کہا*، "پرندے کے بچوں کو اکیلا چھوڑ دو"۔ پھر اس نے بلے کی دم پکڑی اور اسے نیچے کھینچا۔ بلے نے بچے کو چھوڑ دیا اور کتے نے اسے دور بھگایا۔ کتا بہت *خوش* تھا کہ وہ پرندوں کو بچا سکا، اور بلا ابھی تک *بھوکا* تھا۔

**بکری کے بچے** (الفاظ کی کل تعداد = 186)

**تصویر 1 / 2:** ایک دن ایک ماں بکری تھی جس نے *دیکھا* کہ اس کا بچہ پانی میں گر گیا اور *ڈرا* ہوا تھا۔ اس نے پانی میں چھلانگ لگائی کیونکہ وہ اسے بچانا *چاہتی* تھی۔ ایک *بھوکی* لومڑی نے ماں بکری کو پانی میں *دیکھا* اور *غرائی*: "مم، اچھا، گھاس پر میں کیا دیکھ رہی ہوں؟"۔

**تصویر 3 / 4:** ماں بکری نے بچے کو پانی سے باہر دھکیلا، لیکن اس نے لومڑی کو نہیں *دیکھا*۔ وہ *خوش* تھی کہ اس کا بچہ نہیں ڈوبا۔ اتنے میں *بری* لومڑی نے آگے چھلانگ لگائی، کیونکہ وہ دوسرے بچے کو پکڑنا *چاہتی* تھی۔ اس نے بکری کا بچہ پکڑ لیا۔ پاس سے گزرتے / اڑتے ہوئے ایک *بہادر* پرندے نے بکری کے بچے کو بہت خطرے میں *دیکھا*۔ اس نے لومڑی کو روکنے اور بکری کے بچے کو بچانے کا *فیصلہ کیا*۔

**تصویر 5 / 6:** پرندے نے لومڑی سے *کہا*، "بکری کے بچے کو اکیلا چھوڑ دو"۔ پھر وہ نیچے آیا اور لومڑی کی دُم پر کاٹا۔ لومڑی نے بکری کے بچے کو جانے دیا اور پرندے نے اسے دور بھگایا۔ پرندہ بہت *خوش* تھا کہ وہ بکری کے بچے کو بچا سکا اور لومڑی ابھی تک *بھوکی* تھی۔

**بلا** (الفاظ کی کل تعداد = 178)

**تصویر 1 / 2:** ایک دن ایک *شرارتی* بلا تھا، جس نے جھاڑی پر ایک پیلی تتلی کو بیٹھے *دیکھا*۔ وہ آگے بڑھا، کیونکہ وہ اسے پکڑنا *چاہتا* تھا۔ اتنے میں، ایک *خوش* لڑکا جس کے ہاتھ میں بالٹی اور گیند تھی، مچھلی پکڑ کر واپس آ رہا تھا۔ اس نے بلے کو تتلی پکڑتے *دیکھا*۔

**تصویر3 / 4:** تتلی جلدی سے اڑی اور بلا جھاڑی میں گر گیا۔ اس نے خود کو چوٹ لگالی، اور بہت غصہ ہوا۔ لڑکا اتنا حیران ہوا کہ گیند اس کے ہاتھ سے گر گئی۔ جب اس نے اپنی گیند کو پانی میں جاتے دیکھا، وہ چیخا، "اوہ نہیں، میری گیند گئی!"۔ وہ اداس تھا اور اپنی گیند واپس لینا چاہتا تھا۔ اتنے میں، بلے نے لڑکے کی بالٹی دیکھی اور سوچا: "مجھے مچھلی لینی ہے"۔

**تصویر5 / 6** : اسی وقت لڑکے نے مچھلی پکڑنے کے ڈنڈے سے اپنی گیند کو پانی سے باہر نکالنا شروع کر دیا۔ اس نے یہ نہیں دیکھا کہ بلا مچھلی لے رہا ہے۔ آخر میں، بلا اتنے مزے کی مچھلی کھا کر بہت خوش تھا، اور لڑکا بھی اپنی گیند واپس لے کر خوش تھا۔

**کتا** (الفاظ کی کل تعداد = 174)

**تصویر1 / 2:** ایک دن ایک شرارتی کتا تھا، جس نے درخت کے قریب ایک کالے چوہے کو بیٹھے ہوئے دیکھا۔ وہ آگے بڑھا، کیونکہ وہ اسے پکڑنا چاہتا تھا۔ اتنے میں، ایک خوش لڑکا جس کے ہاتھ میں ایک شاپر اور غبارہ تھا، بازار سے واپس آرہا تھا۔ اس نے کتے کو چوہا پکڑتے ہوئے دیکھا۔

**تصویر3 / 4:** چوہا جلدی سے بھاگا اور کتا درخت سے ٹکرا گیا۔ اس نے خود کو چوٹ لگالی اور بہت غصہ ہوا۔ لڑکا اتنا حیران ہوا کہ غبارہ اس کے ہاتھ سے چھوٹ گیا۔ جب اس نے اپنے غبارے کو درخت میں جاتے دیکھا، تو وہ چیخا، "اوہ نہیں، میرا غبارہ گیا"۔ وہ اداس تھا اور اپنا غبارہ واپس لینا چاہتا تھا۔ اتنے میں، کتے نے لڑکے کا شاپر دیکھا اور سوچا: "مجھے بوٹی لینی ہے۔"

**تصویر5 / 6:** اسی وقت، لڑکے نے درخت سے اپنا غبارہ کھینچنا شروع کر دیا۔ اس نے نہیں دیکھا کہ کتا بوٹی لے رہا ہے۔ آخر میں، کتا اتنے مزے کی بوٹی کھا کر بہت خوش تھا، اور لڑکا بھی اپنا غبارہ واپس لے کر خوش تھا۔